هندوستان: ماضي اور حال

الهند: قديما وحديثا

گورنمنٹ گرلز جنرل ڈگری کالج

۷، میور بھنج روڈ، کولکاتا-۷۰۰۰۲۳

بھارت

INDIA: PAST AND PRESENT
الهند: قديما وحديثا
هندوستان: ماضي اور حال

INDIA:

PAST *AND* PRESENT

Government Girls' General Degree College
7, Mayurbhanj Road, Kolkata-700023
INDIA

ہندوستان: ماضی اور حال

الهند: قديما وحديثا

گورنمنٹ گرلز جنرل ڈگری کالج

۷ رمیور بھنج روڈ، کولکاتا۔ ۷۰۰۰۲۳

بھارت

فہرست/المحتویات

		الصفحة
۱	امیر خسرو: گنگا جمنی تہذیب کے علمبردار ـــ ڈاکٹر سیدۃ شارۃ المولیٰ القادری	3
۲	ساحر لدھیانوی: اپنے افکار کے دریچے سے ـــ ڈاکٹر شبانہ نسرین	13
۳	مولانا جلال الدین محمد بلخی اور ان کا فلسفہ ـــ ڈاکٹر شاہد جمیل	29
۴	قرۃ العین حیدر کے ناول 'آگ کا دریا' میں اشترا کی لہر ـــ ڈاکٹر شبنم پروین	38
۵	افسانہ 'بے حسی': ایک جائزہ ـــ ڈاکٹر محمد محسن خان	47
۶	بنگال میں سلسلۂ قادریہ کی آمد اور ان صوفیوں کی ادبی خدمات ـــ ڈاکٹر سیّد شاہ ومیق الارشاد علی القادری	55
۷	خواجہ احمد عباس کی صحافتی زندگی ـــ ڈاکٹر نکہت پروین	70
۸	مجنوں گورکھپوری اور ان کے افسانوں میں رومانیت کا تصور ـــ ڈاکٹر زاہدہ پروین	78
۹	علامہ سیماب 'لوح محفوظ' کے آئینے میں ـــ ڈاکٹر رضا مظہر انصاری	87
۱۰	العلامة فضل حق الخیر آبادی: شخصیته متعددة الجوانب ـــ د. شفیق الاسلام	101
۱۱	الاستاذ المعصومي: شاعرا مجیدا ـــ د. محمد صدر الاسلام	109

امیر خسرو گنگا جمنی تہذیب کے علمبردار

ڈاکٹر سیدہ شارقۃ المولی القادری
پرنسپل، گورمنٹ گرلس جنرل ڈگری کالج، کلکتہ

Abstract:
Ab'ul Hasan Yamīn ud-Dīn Khusrow, better known as Amir Khusro was an iconic figure in the cultural history of South Asia. He was a Sufi poet, musician, philosopher, scholar and a patriot par excellence. He was born in 1253 A.D in Patiyali, Uttar Pradesh. He became well versed in the Turkish, Persian and Arabic languages and also acquired proficiency in various Indian dialects in the multi-ethnic environment of Delhi. He primarily wrote poetry in Persian and also in Hindavi. He composed his first Diwan 'Tuhfa-tus-Sighr' between the age of 16 and 19. An expert of multiple styles of Persian poetry, he has written more than four Lakh verses. He is credited with enriching the Hindustani classical music by introducing Arabian and Persian elements in it and was the originator of tarana and Khayal style of music.

Khusraw became a spiritual disciple of Hazrat Nizamuddin Auliya at a tender age. His spiritualism, in fact, consisted in his philosophy of love and humanism which he acquired from his spiritual guide. Khusro's humanism transcended all barriers of cast, creed and colour. His poetries are the best example

of humanism brotherhood and love.

Khusrau was a very prolific author and poet of rare distinction. He wrote on a variety of subjects include patriotism. According to Ziauddin Barani "there is not a single work of his without any reference to India. He had deep love and affection for India, its tradition, its culture, its arts and crafts, Indian land, its fruits and flowers, Indian Philosophy, Indian music and Indian languages.

انسانی تہذیب وتمدن کی تاریخ میں سیکڑوں نام ایسے ملیں گے جنھوں نے اپنی قابلیت سے اپنا نام ہمیشہ کے لیے جریدۂ عالم پر ثبت کر دیا۔ ان لوگوں نے اپنے جذبۂ ایجاد کے بل پر اپنے ہم عصر پر ہی نہیں بلکہ ہر زمانے پر فوقیت حاصل کی۔ ایسی ہی جامع شخصیت ابوالحسن یمین الدین خسرو کی بھی ہے۔

دیباچہ غزۃ الکمال کے مطابق حضرت امیر خسرؔو کی ولادت باسعادت یکم / محرم ۶۵۱ھ مطابق ۳ مارچ ۱۲۵۳ء آگرہ کے قصبہ پٹیالی میں ہوئی۔ آپ کے والد امیر سیف الدین محمود جوتر کی النسل تھے بیشمار خوبیوں کے مالک تھے۔ اُن کا شمار ہزارہ بلخ کے امراء میں ہوتا تھا۔ چینگیز خان کے حملوں سے تنگ آ کر ہندوستان آئے اور اعلیٰ عہدوں پر فائز رہے اور ہندوستان کو اپنا مسکن بنالیا۔

حضرت امیر خسرؔو کا شمار فارسی اور اُردو کے عظیم المرتبت ادیبوں اور شاعروں میں ہوتا ہے۔ وہ کثیر الجہات شخصیت کے مالک تھے۔ انکو مختلف علوم وفنون پر عاملانہ دسترس حاصل تھی- وہ بیک وقت عالم باعمل، صوفی باکمال، عظیم شاعر، مفکر، فلسفی، بے مثال موسیقی کار اور ادیب کامل تھے۔ اُردو زبان وادب کے پہلے شاعر بھی تسلیم کئے جاتے ہیں انہون نے اپنے فکر وفن اور خُداداد صلاحیتوں سے اپنے عہد کو بڑا متاثر کیا اور آج بھی لوگ اُن کی

شخصیت اور شاعری کے مداح ہیں۔

مولانا شبلی نعمانی امیر خسرو کی جامعیت کمالات پر تبصرہ کرتے ہوے کہتے ہین کہ" ہندوستان میں ۶۰۰ برس مین اب تک اس درجہ کا جامع کمالات نہین پیدا ہوا اور سچ پوچھو تو اس قدر گونا گوں اوصاف کے جامع ایران اور روم کی خاک نے بھی ہزاروں برس کی مدت مین دو چار ہی پیدا کے ہونگے۔" [شعرالعجم حصہ دوئم، ص ۱۰۸]

خسرو فارسی، اُردو اور رائج الوقت زبانوں میں دستگاہ رکھتے تھے۔ اُنھوں نے اپنے وقت کی 5 زبانوں میں مہارت حاصل کی۔ خسرو کا مولد پٹیالی تھا جہان کی زبان برج بھاشا تھی۔ لیکن خسرو اپنی زبان کو ہندوی کہتے ہیں۔ دیباچہ غزۃ الکمال مین کہتے ہین کہ" ترک ہندوستانیم من ہندوی گویم چون آب" [مین ہندوستانی ترک ہوں اور ہندوی پانی کی طرح بولتا ہوں وحید مرزا: ص ۳۹] اُردو اور ہندوی کے علاوہ اُنھوں نے فارسی میں کم وبیش پانچ لاکھ اشعار تخلیق کئے ہیں۔ غزل آپ کی محبوب صنف سخن تھی مگر انھوں نے دوسری اصناف سخن میں بھی طبع آزمائی کی ہے اور کئی اہم تصانیف اپنی یادگار چھوڑی ہین جو فارسی، اُردو اور ہندی زبان کا قدیم انمول ادبی خزانہ مانا جاتا ہے۔

آپ کی شاعری عشق حقیقی کی آئینہ دار ہے اور آپ کا کلام تصوف میں ڈوبا ہوا ہے۔ [میر خورد، ص: ۳۰۱]

آپ کے کلام میں فصاحت و بلاغت، سادگی، تسلیم و رضا ادب و احترام پایا جاتا ہے۔ نادر تشبیہات، والہانہ جذبات، لطافتِ زبان و بیان اور شیریں کلام، فلسفیانہ، حکیمانہ اور صوفیانہ افکار اپکی شاعری کے مخصوص رنگ ہیں۔

امیر خسرؔو'' سلطان اور سیاست'' سے بھی وابستہ رہے اور کئی عوامی خدمات بھی

انجام دیں۔ آپ نے گیارہ بادشاہوں کا دورِ حکمرانی دیکھا اور سات بادشاہوں کی ملازمت میں رہے۔ سبھی حکمران آپ کی شخصیت اور شاعری کے بڑے مداح تھے۔

حضرت امیر خسروؔ نے طویل عمر پائی اور اپنی تمام عمر زبان وادب کی خدمت میں، اعلیٰ علمی روایات اور شاعری کو پروان چڑھانے میں صرف کردی۔ آپ کے شاگردوں، دوستوں اور چاہنے والوں کا حلقہ بہت وسیع ت※ا جس میں ہر طبقے کے لوگ شامل تھے۔

امیر خسروؔ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء (محبوب الٰہیؒ) کے دست گرفتہ مرید تھے۔ حضرت نظام الدین اولیاءؒ اپنے زمانے کے جید عالم باعمل، صوفی باکمال اور روحانی پیشوا گزرے ہیں۔ آپ کی روحانی تعلیمات بھٹکی ہوئی انسانیت کو راہِ راست پر لگانے اور بندے کو مولا سے ملانے کا کارگر وسیلہ ہوتین تھین۔ ضیاالدین برنی کے مطابق حضرت نظام الدین کا روحانی اثر بہت وسیع تھا۔ سبھی طبقے کے لوگ آپ کے ارادت مندوں مین شامل تھے۔ یہاں تک بادشاہ بھی اپنی پریشانیوں کے وقت آپ کی خانقاہ میں حاضری دیتے۔ خسرو بھی ان خوش قسمت لوگوں میں سے تھے۔ جو حضرت نظام الدین کی بزرگی کے معترف اور ان کے فیضِ صحبت سے بہرہ مند ہوئے۔ ان کو اپنے پیر و مُرشد سے گہری عقیدت تھی۔ حضرت نظام الدین بھی خسرو کو بے حد عزیز رکھتے تھے۔ حضرت نے امیر خسرو کو خاص تربیب سے نوازا اور ان کو تصوف کے رنگ میں اس طرح رنگ دیا کہ اُن کی شاعری اور اُن کا ہر فعل اللہ اور اپنے محبوب و پیر و مرشد کی رضا جوئی کے لئے ہوتا۔۔ یہ شیخ کی تعلیم و تربیت و نگہداشت کا اثر تھا کہ امیر خسروؔ تعلیم و تربیت، اخلاق وحُسنہ، زہد و تقویٰ اور دوسرے علوم میں کامل بن گئے اور انہون نے اپنی ساری زندگی زہد و تقویٰ، خدمت خلق مین گزاری۔ [سید صباح الدین ص:۱۲۸۔ ۱۳۳] اپنے بارے میں خود کہتے ہیں کہ۔

کافر عشقم مسلمانی مرا در کار نیست ہر رگ من تار گشتہ حاجت زنار نیست

اُنھوں نے اپنے کلام سے بھٹکی ہوئی انسانیت کوراہِ راست پر لگانے کی کوشش کی جس کے خاطر خواہ نتائج برآمد ہوئے۔اُنکی تعلیمات سے انسانیت کا درس ملتا ہے۔اُن کی تعلیمات اورانکا پیغام آپسی بھائی چارہ، خدمت خلق اور محبت کو عام کرتا ہے[نہ سپہر،ص:۲۹-۲۵۱]

حضرت امیر خسرؔو نے ادب اور شاعری کے علاوہ سماجی زندگی میں مشترکہ روایات اور جذباتی ہم آہنگی کوفروغ دینے میں اہم رول ادا کیا ہے۔ وہ اپنی خوشمزاجی، فراخ دلی اورملنسارطبیعت کی وجہ سے اپنے زمانے میں ہردلعزیز تھے-وہ لوگوں کے دلوں کوموہ لے نے کا فن جانتے تھے۔انہیں معلوم تھا کہ کس شخص سے کس طرح بات کی جائے تا کہ سامع کی رسائی گفتگو کی روح تک ہو۔انکی باتوں سے اور انکی شاعری سے بچے بوڑھے،امیرغریب،مردعورت،شہری دیہاتی، ہندومسلم غرض کہ ہرکوئی متاثر تھا

عوام الناس میں جوشہرت انھیں حاصل تھی وہ ان کے ہندی کلام کی وجہ سے بھی تھی۔اُس دور میں فارسی ہندوستان کی سرکاری زبان ہوا کرتی تھی اور ہندوی عوامی زبان تھی جو دھلی کے اطراف میں سبھی لوگ بولتے اور سمجھتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی شاعری کو لوگوں نے ہاتھوں ہاتھ لیا۔ جو اج بھی لوگوں کے ذہنوں میں محفوظ ہیں۔خسرو کے تمام ہندوی کلام جوکھڑی بولی اور برج بھاشا کا آمیزہ ہیں زبانی روایات یا سماجی روایات کے زمرہ میں شامل ہیں۔مگرافسوس کہ امیرخسرو نے اپنے ہندوی کلام کوکبھی جمع نہیں کیا بلکہ دوستوں میں تقسیم کردیا۔ان کا ہندوی کلام جوکچھ ہم تک پہنچا ہے وہ یا تو بعض شاگردوں کی بیاضوں کی بدولت یا زبانی روایت کے ذریعے سب سے پہلے سب رس کے مصنف نے امیرخسرو کے دوہے کواپنی کتاب میں نقل کیااورانکے ہندوی کلام کی تحریر کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ پھر ۱۹۱۸ میں علی گڑھ سے ایک مجموعہ ''جواھرخسروی'' کے نام سے شائع ہوا جس کے

مرتبین مولانا محمد امین چڑیا کوٹی اور مولانا رشید احمد سالم ہیں۔ یہ مجموعہ خسرو کے ہندوی کلام پر مبنی تھا۔[وحید مرزا،ص:۳۶۹]

ان کے ہندی کلام کے لئے اوحدی "تزکرہ عرفات" میں یوں رقمطراز ہیں انکا ہندی کلام فارسی کلام سے بھی زیادہ ہے۔[شعرالعجم جلد دوم ص: ۱۱۳]

خسرو نے اس کی نمائندگی کیلئے ہندوی انداز ہی نہیں بلکہ زبان و بیان، طرز اور لہجے، الفاظ ومحاورے سبھی ہندوی سے حاصل کئے۔انہوں نے ہندوی شاعری کو فارسی بحورو اوزان کا لباس عطا کیا۔ان کے اشعار کے مطالعہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ دو کلچر ایک دوسرے سے گلے مل رہے ہیں اور ان دونوں کے آپسی اتحاد کی وجہ سے تیسرے کلچر کی بنیادیں مستحکم ہورہی ہیں۔ان دو زبانوں کی آمیزش کو اردو کے شاعروں نے ریختہ کا نام دیا۔انکے چند اشعار ملاحضہ فرمائیں۔

زحال مسکیں مکن تغافل دورائے نیناں بتائے بتیاں

کہ تاب ہجراں ندارم اے جاں، نہ لیہوے کاہے لگائے چھتیاں

شبانِ ہجراں، دراز چوں زلف، وروز وصلش، چوعمر کوتاہ

سکھی پیا کوں جو میں نہ دیکھوں تو کیسے کاٹوں، اندھیری رتیاں

چوں شمع سوزاں چوں ذرہ حیراں زمہر آں مہ بگشتم آخر

نہ نیند نیناں نہ انگ چیناں نہ آپ آوے نہ بھیجے پتیاں

[شاھد مختارص:۶۲]

پھر ایک جگہ یوں کہتے ہیں کہ۔:

اری اری ہمہ بیاری اری　　ماری ماری برہ کہ ماری اری

[وحید مرزا ص:۲۵۰]

امیر خسرو نے ہندوستان کی سرزمین پر سب سے پہلے سماجی رواداری، بھائ چارگی اور آپسی ملاپ کے ورثے کو شعری اظہار کا ذریعہ بنایا، انکا فطری رجحان ہمیشہ ہندوستانی سماج کی ہندوی روایات اور مسلم معاشرے کی اسلامی خصوصیات کو علحدہ کرنے کے بجائے ان دونوں میں اشتراک قائم کرنے کی طرف تھا۔ جس کا ثبوت انکی پہیلیوں، کہہ مکرنیوں، انمیلیوں اور دوسخنوں میں ملتا ہے۔ مثال کے طور پر مندرجہ زیل پہلی میں دونوں قوموں کا ذکر کرتے ہوے کہتے ہیں کہ۔

گھوم گھومیلا لہنگا پہنے ایک پاؤں سے رہے کھڑی
آٹھ ہاتھ ہیں اس ناری کے صورت اسکے لگے پری　[چھتری]

سب کوئ اسکی چارہ کریں مسلمان ہندو چھتری
خسرو نے یہ کہی پہلی دل سے اپنے سوچ زری

انکے دوہے بھی پہلیون کی طرح گنگا جمنی تہذیب کی نمائندگی کرتے ہیں۔ چند مثالیں پیش خدمت ہیں۔

شیام سیت گوری لے جنمت بھئی انیت　　ایک پل میں پھر جات ہیں جوگی کا کے میت

خسرو پاتی پریم کی بیرلا بانچے کوئے　　وید قرآن پوتھی پڑھے پریم بنا کا ہوئے

[شاھد مختار ص:۶۸]

انکے دوہے جہاں انکے جزبات اور دلی کیفیات کے ترجمان ہیں وہان ہندوستانی سماج کے مروجہ رسومات اور ریت رواج کی عکاسی بھی کرتے ہیں۔مثلا مندرجہ ذیل دوہامیں ستی کی رسم کواس انداز سے پیش کیا ہے کہ۔

خسرو ایسی پیت کر جیسے ہندو جوئے　　پوت پرائے کارنے جل جل کوئلا ہوئے

انکے دوہوں کی طرح انکی کہ مکرانیاں بھی عوام میں بیحد مقبول ہیں جن میں کچھ ایسی بھی ہیں جن میں جا بجا ایسے الفاظ کا استعمال کیا گیا ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ آپ کے اندر مذہبی بھید بھاؤ بالکل نہیں تھا۔مثال کے طور پر کہتے ہیں کہ

آٹھ انگل کا ہے وہ اصلی　　اسکی ہڈی نہ اسکی پسلی

لٹا دھاری گرو کا چیلا　　اے سکھی ساجن نا سکھی کیلا

[شاھد مختار،ص:۵۷]

شیام برن اور دانت انیک لچکت جیسے ناری۔دونوں ہاتھ سے خسرو کھینچے اور یوں کہے تو آری اسی ضمن میں خسرو کا وہ واقعہ بھی قابل ذکر ہے کہ حضرت نظام الدین اولیاء اپنے بھانجے تقی الدین کے انتقال کے بعد بہت غمگین رہنے لگے تھے جن سے وہ بیحد محبت کرتے تھے۔امیر خسرو سے آپکی یہ حالت دیکھی نہیں جاتی تھی۔ایک دن خسرو راستہ سے گزر رہے تھے انہوں نے دیکھا کہ کچھ ہندو ڈھول اور منجیرا لئے بسنتی لباس پہنے ہاتھوں میں سرسوں کا پھول لئے گاتے بجاتے چلے جا رہے ہیں۔خسرو نے انسے پوچھا کہ کہاں جا رہے ہیں؟ انہونے جواب دیا آج بسنت کا تہوار ہے اور وہ اپنے خدا کو سرسوں کے پھول کا تحفہ پیش کرنے کا لکا مندر جا رہے ہیں۔خسرو کو یہ انداز بے حد پسند آیا اور انہوں نے یہ سوچا کہ وہ بھی اپنے مرشد اپنے محبوب کو اسی طرح تحفہ پیش کرینگے اور انہوں نے بسنتی لباس پہنا اور چند

مریدوں کو ساتھ لیکر حضرت کی خانقاہ پر بسنت کے گیت گاتے ہوئے پہونچے اور حضرت نظام الدین اولیاء کا طواف کرنے لگے۔ اور اپنے مرشد کے قدموں پر سرسوں کے پھول نچاور کرنے لگے۔ حضرت نظام الدین اولیاء انکی اس حرکت کو دیکھکر مسکرا اٹھے۔ یہ تہوار آج تک امیر خسرو کی یاد میں منایا جاتا ہے یہ تہوار ہندو مسلم یکجہتی کا ایک بہترین نمونہ ہے جسے ہندو مسلمان ملکر حضرت نظام الدین اولیاء کے مزار پر ہر سال مناتے ہیں۔ آج بھی اسی طرح بسنتی کپڑے پہنے سرسوں کا پھول ہاتھوں میں لئے بسنت کے گیت گاتے کثیر تعداد میں ہندو حضرت نظام الدین اولیاء کے مزار پر آتے ہیں اور بسنتی پھولوں کا نزرانہ پیش کرتے ہیں۔

امیر خسرو کے صرف دو سخنے، پہلیاں، کہہ مکرنیاں اور انمیلیاں ہی نہیں بلکہ انکے فارسی کلام میں بھی سماج رواداری کی جلوہ گری نمایاں ہے۔ انکے اشعار سماجی رواداری کی بہترین مثال ہیں۔

سیر اولیاء کے مطابق حضرت امیر خسرو نے ۱۷ شوال ۷۲۵ھ مطابق ۲۵ دسمبر ۱۳۲۵ء کو وفات پائی اور اپنے پیر و مُرشد کے مزار مقدس کے قریب سپرد لحد ہوے۔ اور اسطرح ہندوستانی تہذیب وثقافت، ادب اور شاعری کی یہ شمع ہمیشہ کیلئے خاموش ہوگئی۔

الغرض خسرو کو ہندوستان میں گنگا جمنی تہذیب کے نمائندہ شاعر کا مقام حاصل ہے۔ آپ ادبی دنیا کے وہ درخشندہ ستارہ ہیں جنہوں نے ۷۶۵ سال قبل اس دنیا سے اپنا ناتہ جاڑا تھا وہ ناتہ اتنا مضبوط تھا کہ آج بھی قائم و دائم ہے۔ انکا صرف کلام ہی گنگا جمنی تہذیب کا علمبردار نہیں ہے بلکہ انکے مزار مقدس پر بھی بلاتفریق مذہب وملّت لوگ حاضری کے لئے آتے ہیں اور فیضیاب ہوکر جاتے ہیں۔

کتابیات:

۱۔ سیر الاولیاء، امیر خورد، دہلی ۱۳۰۲ھ
۲۔ شعر العجم، علامہ شبلی نعمانی، حصہ دوم، شبلی اکاڈمی اعظم گڑھ
۳۔ شعر العجم، علامہ شبلی نعمانی، حصہ سوئم، شبلی اکاڈمی اعظم گڑھ۔
۴۔ صوفی امیر خسرو، سید صباح الدین عبدالرحمن، شبلی اکاڈمی اعظم گڑھ۔
۵۔ امیر خسرو شخصیت افکار و خیالات و فکر و فن، شاہد مختار، نئی دہلی، ۲۰۰۹
۶۔ امیر خسرو، ڈاکٹر وحید مرزا، دہلی، ۲۰۱۵
۷۔ نہ سپہر، امیر خسرو، اکسفورڈ یونیورسیٹی پرس
۸۔ جواہر خسروی، مولانا محمد امین چڑیا کوٹی اور مولانا رشید احمد سالم مرتبین، علی گڑھ۔ ۱۹۱۰
۹۔ اعجاز خسروی، نول کشور ۱۸۷۶
۱۰۔ تاریخ فیروز شاہی، ضیاالدین برنی، کلکتہ، ۱۸۶۲
۱۱۔ سفینۃ الاولیا، داراشکوہ، آگرہ ۱۸۵۳۔
۱۲۔ دیباچہ غراۃ الکمال، کتب خانہ نظامیہ، دہلی

ساحرؔ لدھیانوی: اپنے افکار کے دریچے سے

ڈاکٹر شبانہ نسرین
ایسوسی ایٹ پروفیسر
صدر شعبہ اردو، لیڈی برابورن کالج، کولکاتا

Abstract:

Sahir Ludhianvi is considered one of the important progressive poets. He was among those few exceptional poets who, while being part of the film industry, also maintained their literary dignity. He gained as much fame in the film industry as he did in the literary world and was respected in both circles throughout his life. In Sahir's poetry, along with contemporary awareness and sensitivity, there are also signs of familiarity with the emotions of life. He wrote poetry that touches feelings and emotions. Sahir expressed the effects of the changing times and contemporary sensitivity with insight and artistic subtlety. In his work, the harmony of thought and art, and the freshness of emotion, enhance the beauty of his poetry. Whether it is the theme of revolution, religion and community, or separation and union, Sahir addressed all these subjects with great skill. Sahir is a poet of aspirations, emotions, exploration, and new ideas. In all his poetry, whether it was for films or otherwise, he expressed the unevenness of circumstances, the imbalance of issues, and the social, political, and economic disparities in a beautiful yet protest-driven manner. He made his songs a medium of this protest, raising the banner of humanism and humanity throughout his life.

ساحرؔ کی شاعری روحِ عصر اور آفاقی صداقتوں کی ترجمان ہے۔ ان کی شاعری میں اخلاص مندی اور سوز و گداز کے چراغ جلتے ہیں۔ انہوں نے انسانی نسل کی عظمت، انسانی زندگی کی جدوجہد اور سعی و پیکار کے تقدس کے آستانوں پر عقیدت کے سجدے نذر کئے ہیں۔ اپنے بارے میں ساحرؔ کیا کہتے ہیں ملاحظہ فرمائیں:

لے دے کے اپنے پاس فقط اک نظر تو ہے
کیوں دیکھیں زندگی کو کسی کی نظر سے
مانا کہ اس زمیں کو نہ گلزار کر سکے
کچھ خار کم تو کر گئے گزرے جدھر سے

ساحرؔ کی شاعری شعورِ ذات کے انکشاف کا نام ہے۔ ایک شور ہے، موج ہے، دل ہے، عشق ہے، صرصرِ حیات ہے، فکر کائنات ہے، آئینہ احساسات ہے، رنگ و نور کا سیلاب ہے۔ ان کے اسی تخلیقی شعور سے انہیں پائندگی اور دوام عطا کیا ہے۔ روح کو مخمور کر دینے والی شاعری، قلب کو مسحور کر دینے والی گرمیٔ احساسات، رومانیت، بغاوت، اشتراکیت، اجتماعیت، سرمایہ و محنت، جذباتیت، ضبط و حوصلہ، فکر و اداسی، سرشاری و نغمگی یہ تمام ساحرؔ کی شاعری کے اجزائے ترکیبی ہیں۔ کچھ اشعار دیکھیں جو اس حقیقت کے غماز ہیں:

خودداریوں کے خون کو ارزاں نہ کر سکے
ہم اپنے جوہروں کو نمایاں نہ کر سکے
کس درجہ دل شکن تھے محبت کے حادثے
ہم زندگی میں پھر کوئی ارماں نہ کر سکے

مایوسیوں نے چھین لئے دل کے ولولے
وہ بھی نشاط روح کا ساماں نہ کر سکے
فریبِ شوق کے رنگیں طلسم ٹوٹ گئے
حقیقتوں نے حوادث سے پھر جلا پائی
سکون وخواب کے پردے سرکتے جاتے ہیں
دماغ و دل میں ہے وحشت کی کارفرمائی
وہ تارے جن میں محبت کا نور تاباں تھا
وہ تارے ڈوب گئے لے کے رنگ و رعنائی

یہ اداسی و مایوسی اور یہ وحشت ساحرؔ کے یہاں کہاں سے آئی تھی جس نے ان کی شاعری اور شخصیت دونوں میں ایک سوز و گداز، دردمندی اور گداختگی کی کیفیت پیدا کر دی تھی۔ کیا وجہ تھی کہ ان کے نغمۂ طرب میں بھی کرب کے شعلے لپکتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ ان تمام چیزوں کا سراغ ہمیں ان کی ذاتی زندگی اور ان کے عہد کے پس منظر میں لگانا ہوگا۔ ساحرؔ کی پیدائش 8/مارچ 1921ء میں لدھیانہ کے ایک معمولی اور جاگیردار خاندان میں ہوئی تھی۔ والد چودھری فضل محمد ایک بہت بڑے جاگیردار تھے جبکہ ان کی والدہ کا خاندان سماجی اور معاشی اعتبار سے ادنیٰ حیثیت کا حامل تھا۔ والد فضل محمد اس شادی کو بے جوڑ خیال کر کے اسے پوشیدہ رکھنا چاہتے تھے اور اپنے رشتۂ ازدواج کو سرعام لانے میں قباحت محسوس کرتے تھے۔ یہاں تک کہ والد اور والدہ کے درمیان آہستہ آہستہ تعلقات کشیدہ ہونے لگے اور انجام کار یہ رشتہ ہمیشہ ہمیشہ کیلئے منقطع ہو گیا۔ ساحرؔ کی والدہ فضل محمد کی گیارہویں بیوی تھیں اور ساحر اکلوتی اولاد نرینہ تھے۔ والد سے قطع تعلق کے بعد ساحرؔ نے ممتا کی چھاؤں میں پناہ لینے میں عافیت سمجھی لیکن باپ کی محبت و شفقت سے محروم

ہو گئے۔ایسی بات نہیں تھی پدرانہ محبت نے جوش نہیں مارا تھا لیکن ساحرؔ اس کے متحمل نہیں ہو سکے۔بچپن کی یہ محرومی اور نا آسودگی کی ساری زندگی پر اثر انداز رہی۔اس محرومیٔ حیات نے ان میں ایک مستقل سوز و دردمندی کی کیفیت پیدا کر دی تھی جس نے ان کی شاعری کو بھی بے حد حساس اور پروقار بنا دیا تھا:

اپنے سینے سے لگائے ہوئے امید کی لاش
مدتوں زیست کو ناشاد کیا ہے میں نے

تو نے تو ایک ہی صدمے سے کیا تھا دوچار
دل کو ہر طرح سے برباد کیا ہے میں نے

ساحرؔ کی پیدائش کا زمانہ پہلی جنگ عظیم کے بعد کا زمانہ ہے۔اس کے بعد عہد شباب آیا جو دوسری جنگ عظیم اور پھر اس کے بعد 1947ء کا انقلاب آفریں عہد تھا جس کے دوش پر آرزوؤں اور امنگوں کے چراغ جل رہے تھے۔ساحرؔ بھی آزادی کے اس مبارک عہد کے استقبال میں پیش پیش تھے۔تقسیم ہند کے بعد ساحرؔ نے پاکستان کو خیر باد کہا اور بمبئی قسمت آزمانے کے لئے چلے آئے۔بمبئی فلم انڈسٹری سے وابستہ کو ان کے گیت، غزلیں اور نظمیں جس طرح مقبول ہوئیں اس کا اندازہ شاید ساحر کو بھی نہیں تھا۔

ہم دیکھتے ہیں کہ 1930ء سے لے کر 1950ء تک کا عہد ہندوستان کا زبردست انقلابی اور ہنگامہ خیز دور رہا ہے۔زندگی کی قدریں بدل رہی تھیں، بدیسی سامراج کے تابوت پر آخری کیل ٹھوکی جا رہی تھی۔آرزوؤں کے چراغوں کی اولین روشنی میں انسانی آزادی اور معاشی خوشحالی کی ایک نئی مشعل فروزاں کی جا رہی تھی۔ساحرؔ دیکھ رہے تھے کہ

ان کے ہم وطنوں اور شہیدوں کے خون سے نگارِ آزادی کے ماتھے پر سرخی بھری جارہی تھی۔ساحرؔ نے ان ہنگاموں کو اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا اور پھر ان انسانیت سوز ڈراموں کا کلائمکس بھی دیکھا۔جب قوم پرستوں نے قوم دشمنی کا بیوپار شروع کر دیا تھا وہ دھندا جو کل تک سامراجیوں کے ہاتھوں میں تھا وہ ساحرؔ کے ہم وطنوں کے ہاتھ آ گیا۔مفاد پرستی اور اس سے پیدا ہونے والے رجحانات نے انسانیت کے شیرازے بکھیر دیئے۔قومیت اور طبقاتیت نے آدمیت کو نگل لیا۔آدمی آدمی سے ٹکرا گیا۔تہذیب تمدن کے پردے میں انتہائی درجے کی وحشت و بربریت کا دور دورہ ہوا۔اس صورتحال میں انسانی بقاوتحفظ کا خطرہ لاحق ہوگیا۔اس کے سدباب کیلئے ساری دنیا میں ایک عالمی تحریک شروع ہوئی۔ جس کا اولین مقصد امن وامان کی بحالی تھا اور ظلم وناانصافی کے خلاف عالمگیر سطح پر تمام انسانوں کو مورچہ سنبھالنا تھا۔دنیا کے دیگر ممالک کے لیڈران اور سرابراہوں کی سرپرستی میں ادباوشعرانے بھی اپنی تحریروں کے ذریعہ امن ومحبت کے پیغام کو عام کرنے کی کوشش کی۔اس کے لئے باقاعدہ ترقی پسند تحریک کی بنیاد ڈالی گئی۔اردو شعرا وادبا بھی اس سے دور نہیں رہ سکے۔ان انقلابی شاعروں میں فیضؔ، جوشؔ،مجازؔ،اختر الایمان، جان نثار اختر، کیفی اعظمی، مجروحؔ سلطان پوری کے درمیان ساحرؔ کا نام امتیازی حیثیت کا حامل ہے۔ انہوں نے طلوع اشتراکیت،شعاع فردا،جاگیر،اسی دوراہے پر، فنکار،فرار، مجھے سوچنے دے،گریز،میرے گیت وغیرہ وغیرہ لکھ کر ترقی پسند تحریک سے اپنی پوری وابستگی کا ثبوت پیش کر دیا۔ترقی پسند تحریک کی بنیاد کا اہم مقصد یہی تھا کہ مکتبہ فکر،خیال، ہیئت اور اصول کے بدلتے ہوئے سانچے میں غم جاناں کی خلش اور غم دوراں کی ہمہ گیری کی شمولیت لازمی ہو۔اردو شاعری میں یہ آواز 36ء سے گونجنے لگی۔جب اس خطۂ ارض میں بسنے والے کروڑوں انسان آزادی اور حریت کیلئے کمربستہ ہوگئے۔تاریخ عصر کے اوراق اس تخلیقی شرر سے تھرا اٹھے۔یہی وہ وقت تھا جب دوسری جنگ عظیم کے فتنے جاگ رہے

تھے۔معاشی نظام،غلامی، جہالت اور سامراجیت کی ماری ہوئی دنیا بیدار ہورہی تھی۔ویسے یہ بھی اپنی جگہ حقیقت ہے کہ شیریں رومانیت اور رسمی انقلاب کا ہنگامہ اس دور کے زیادہ تر شعرا کے یہاں ملے گا۔لیکن کچھ ایسے فنکار ضرور تھے جن کی شعری اور ادبی کاوشوں کا نیا محل قدیم خیالات کے توانا اور صحت مند عناصر کی بنیاد پر قائم ہورہا تھا۔ساتھ ہی ان کے یہاں تفکر، احساس اور خلوص کی پرکاری کے ساتھ ساتھ فنکارانہ صلاحیتیں بھی بدرجۂ اتم موجود تھیں۔اس روشنی میں ہمیں چند ہی ایسے شعرا ملتے ہیں۔ان میں سے ترقی پسند شاعر کی حیثیت سے فیض احمد فیضؔ کی اولیت پر مہر لگا چکا تھا۔فیضؔ اردو شاعری میں نئے رموز وعلائم، حسن تراکیب اور استعارہ سازی کے عمل کے ساتھ کلاسیکی لب ولہجہ کو بھی پروان چڑھا رہے تھے۔ان کے یہاں دل سوزی اور رومانی سوگواری اس عوامی جذبے کی پیداوار تھی جس کی فضاؤں میں نامرادوں اور بے کسوں کی بھوکی روحیں تیر رہی تھیں۔ساحرؔ جو نہ صرف فیضؔ کا ہم عصر شاعر تھا اس کا ہم نفس اور ہم نوا بھی تھا۔عوامی احساسات سے ساحرؔ کا سینہ لبریز تھا۔جمہوریت اور اشتراکیت کا پجاری تھا۔طبقاتی تقسیم کی ناہمواریاں ان کے شعور میں شور مچاتی رہیں۔لیکن ساحرؔ کے یہاں ایک چیز خصوصیت کے ساتھ نظر آتی ہے کہ جب بھی انہوں نے انقلاب اور بغاوت کے نغمے الاپے، جب بھی اجنبی راج کے ظلم کی چھاؤں میں سرفروشی کے خوابیدہ جذبے کو ابھارنے کی کوشش کی اس میں چیخ وپکار سنائی نہیں دی۔ان کے یہاں نہ کوئی رسمی جوش وخروش نہ نعرہ بازی بلکہ مدھم آنچ سے کشید ہونے والا وہ تیز سیال مادہ جس کی قہر سامانی اور زہرناکی دھیرے دھیرے سرایت ضرور کرتی ہے مگر اس کے اثرات بہت دیر تک قائم رہتے ہیں۔یہ متانت اور سنجیدگی بہت کم ترقی پسند شاعروں کے یہاں نظر آتی ہے۔ ساحرؔ سرمایہ دارانہ جمہوریت کے ہمیشہ مخالف رہے۔ جہاں جہاں انسانیت مجروح ہوتی دکھائی دیتی ہے ان کا دل تڑپ اٹھتا ہے اور صفحہ قرطاس پر ایسے لازوال اشعار رقم کرجاتے ہیں جس میں رجائیت اور نشاطیہ لب ولہجہ بھی بھرپور نظر آتا

ہے۔ کچھ اشعار دیکھیں:

تیرہ و تار فضاؤں میں ستم خوردہ بشر
اور کچھ دیر اجالے کے لئے ترسے گا
اور کچھ دیر اٹھے گا دلِ گیتی سے دھواں
اور کچھ دیر فضاؤں سے لہو برسے گا
اور پھر احمریں ہونٹوں کے تبسم کی طرح
رات کے چاک سے پھوٹے گی شعاعوں کی لکیر
اور جمہور کے بیدار تعاون کے طفیل
ختم ہوجائے گی انساں کے لہو کی تقطیر

ساحرؔ نے ایک مفکر کی طرح تمام حالات کا جائزہ لیا تھا۔ ایک نقاد کی طرح اس پر تنقید کی تھی اور ایک مصلح کی طرح سماج کی اصلاح کیلئے اپنے اشعار سے کام لیا تھا۔ تقسیم ہند کے بعد جب ہندو پاک فسادات کی آگ نے ذرے ذرے کو جھلسا دیا تھا ساحرؔ بھی ایک حساس انسان کی طرح اس سے متاثر ہوئے۔ اس سلسلے میں انہوں نے جو شاعری کی وہ شاعری نہیں انسانیت کی مرثیہ سرائی ہے۔ ساحرؔ کے نزدیک فساد اور جنگ ہمیشہ آگ وخون سے عبارت ہوتی ہے۔ یہ کسی ایک انسان کا خون نہیں تمام امن عالم کا خون ہے۔ انسانی بقاوتحفظ امن وانسانیت میں پوشیدہ ہے۔ کچھ اشعار ملاحظہ ہوں جس میں ساحرؔ کا قلم امن وانسانیت سے سرشار نظر آتا ہے۔

خون اپنا ہو یا پرایا ہو
نسل آدم کا خون ہے آخر

جنگ مشرق ہو کہ مغرب میں
امن عالم کا خون ہے آخر
بم گھروں پر گریں کہ سرحد پر
روحِ تعمیر زخم کھاتی ہے
جنگ تو خود ہی ایک مسئلہ ہے
جنگ مسئلوں کا حل کیا دے گی؟
آگ اور خون آج بخشے گی
بھوک اور احتجاج کل دے گی

اور پھر ساحرؔ تمام عالم انسانیت کو امن اور سلامتی کا پیغام دیتے ہیں اور جنگ کی تیرہ و تاریکیوں کا ذکر کرتے ہیں۔

آؤ اس تیرہ بخت دنیا میں
فکر کی روشنی کو عام کریں
امن کو جس سے تقویت پہنچے
ایسی جنگوں کا اہتمام کریں
جنگ، وحشت سے بربریت سے
امن، تہذیب و ارتقا کے لئے
جنگ، مرگ آفریں سیاست سے
امن، انسان کی بقا کے لئے
جنگ، افلاس اور غلامی سے
امن، بہتر نظام کی خاطر

جنگ، بھٹکی ہوئی قیادت سے
امن، بے بس عوام کی خاطر
جنگ، سرمائے کے تسلط سے
امن، جمہور کی خوشی کے لئے
جنگ، جنگوں کے فلسفے کے خلاف
امن، پرامن زندگی کے لئے

ساحرؔ نے مذکورہ نظم ''خون اپنا ہو یا پرایا ہو'' میں جس پیرائے بیان میں امن وجنگ کی حقیقی تصویر پیش کی ہے وہ ان ہی کا حصہ ہے۔ اس تعلق سے ان کی دوسری نظمیں بھی قابل ذکر ہیں جیسے میرے گیت، مجھے سونے دے، صبح نوروز، طرحِ نو، طلوع اشتراکیت، بنگال، خودکشی سے پہلے، یہ کس کا لہو ہے، جاگیر، فنکار، میرے گیت تمہارے ہیں، لہو نذر دے رہی ہے حیات وغیرہ وغیرہ یہ وہ نظمیں ہیں جن میں ساحرؔ نے ارتقائے انسانی، بقائے جمہوریت، انقلاب وبغاوت، جبر وتشدد اور نظام آتش وآہن کی باتیں کی ہیں۔ ان نظموں میں دھنک رنگ نہیں آتشیں بگولے ہیں۔ اس کا اعتراف انہوں نے خود کیا ہے:

مرے جہاں میں سمن زار ڈھونڈنے والے
یہاں بہار نہیں، آتشیں بگولے ہیں!
دھنک کے رنگ نہیں سرمئی فضاؤں میں
افق سے تا بہ افق پھانسیوں کے جھولے ہیں

نظم ''تاج محل'' ساحرؔ کی بڑے ہی تلخ اور تیکھے لب ولہجہ والی نظم ہے جس میں تاج کی عظمت، اس کے جذبۂ تعمیر اور ایک شہنشاہ کی الفت ومحبت کے حریری اور دودھیا پیکر پر

بڑے جارحانہ انداز میں طنز و نشتر کے تیر چلائے ہیں۔ تاج محل کی خوبصورت عمارت، اس کی منقش در و دیوار، اس کے محراب اور طاق، مقابر اور فصیلوں میں ساحرؔ کو ایک مطلق العنان حکمراں کی عظمت و قوت اور رعونت کی بازگشت سنائی دیتی ہے۔ محبت کا جذبہ بڑا ہی عظیم اور روحانی جذبہ ہے۔ دولت کے بل بوتے پر اس کی تشہیر کا سامان ساحرؔ کے خیال میں تمام محبت کرنے والوں کے لئے ایک ناسور اور ساتھ ہی احساسِ کم مائیگی کی وجہ بھی بن جاتا ہے۔ اسی لئے جب ساحرؔ اپنے محبوب سے کہتے ہیں کہ:

تاج تیرے لئے ایک مظہر الفت ہی سہی
تجھ کو اس وادیٔ رنگیں سے عقیدت ہی سہی
میرے محبوب کہیں اور ملا کر مجھ سے

بلاشبہ ساحرؔ کی یہ نظم امارت و غربت کے درمیان صدیوں کی تفریق کی گواہی ہے۔ اس نظم کو پڑھ کر فکر تونسوی نے ساحرؔ کو بڑی خوبصورت بات کہی تھی کہ ''تم نے تاج محل'' لکھی اور اپنی نظم کو اصل ''تاج محل'' سے زیادہ شہرت بخشی۔''..... بلاشبہ اس جملے میں مبالغہ آرائی ہے لیکن اس مبالغہ میں بلاغت ضرور ہے۔

ساحرؔ فطری طور پر جمہوریت اور اشتراکیت کا پجاری رہا ہے جو ہمیشہ انقلاب و بغاوت کے نغمے گاتا رہا۔ کیا واقعی اس نے رومانیت کے چمن زاروں میں سیر نہیں کی تھی، کیا جنونِ عشق کے نغمے اس نے نہیں چھیڑے تھے، حیات ساحرؔ کا مطالعہ اس حقیقت کو عیاں کرتا ہے کہ ساحرؔ نے بھی کسی کی خاطر محبت کے ایوان سجا رکھے تھے اور نہ جانے کتنی بے ربط تمناؤں کے مبہم خاکے اپنے خوابوں میں بسائے تھے۔ انہوں نے بھی کسی محبوب کے گیسو و عارض، اس کے پیراہن رنگیں اور ریشمی آنچل کا سہارا ڈھونڈا تھا۔ لیکن پھر ایسا وقت آیا کہ فیضؔ کی طرح جس نے اپنے محبوب سے یہ کہتے ہوئے محبت سے یوں معذرت کر لی

تھی کہ

اب بھی دلکش ہے تیرا حسن ہے مگر کیا کہیئے
اور بھی دکھ ہیں زمانے میں محبت کے سوا
راحتیں اور بھی ہیں وصل کی راحت کے سوا
مجھ سے پہلے سی محبت مرے محبوب نہ مانگ

ساحرؔ بھی اسی طرح حالات کی ستم گری میں فیضؔ کی ہمنوائی کا ثبوت دیتے ہیں اور محفل رنگ ونور کو خیر باد کہہ کر زندگی کی ایک نئی شاہراہ پر آگے بڑھ جاتے ہیں۔ کچھ اشعار ملاحظہ ہوں جن میں ساحرؔ کے سوز ودرد کی شدت اور انسانیت کا احساس عروج پر نظر آتا ہے:

میرے سرکش ترانوں کی حقیقت ہے تو اتنی ہے
کہ جب میں دیکھتا ہوں بھوک کے مارے کسانوں کو
غریبوں، مفلسوں کو، بے کسوں کو، بے سہاروں کو
سسکتی نازنینوں کو تڑپتے نوجوانوں کو
حکومت کے تشدد کو، امامت کے تکبر کو
تل دل تابِ نشاط بزم عشرت لا نہیں سکتا
میں چاہوں بھی تو خواب اور ترانے گا نہیں سکتا

اور اس کے بعد انہوں نے عہد کرلیا کہ:

آج سے میں اپنے گیتوں میں آتش پارے بھر دوں گا
مدھم لچکیلی تانوں میں جوت دھارے بھر دوں گا
جیون کے اندھیارے پتھر پر مشعل لے کر نکلوں گا
دھرتی کے پھیلتے آنچل میں سرخ ستارے بھر دوں گا

آج سے اے مزدور کسانوں میرے گیت تمہارے ہیں
فاقہ کش انسانو! میرے سو بھاگ تمہارے ہیں
جب تک تم بھوکے ننگے ہو یہ شعلے خاموش نہ ہوں گے
جب تک بے آرام ہو تم یہ نغمے راحت کوش نہ ہوں گے

''تلخیاں، آؤ کہ کوئی خواب بنے'' ساحرؔ کے وہ شعری مجموعے ہیں جن کی غزلوں اور نظموں میں ساحرؔ کا غم ہے، ان کا اپنا تجزیہ ہے، محبت اور اس سے پیدا ہونے والی مختلف کیفیتیں ان کی شاعری میں یوں جھلکتی ہیں کہ ان کا غم سب کا غم بن جاتا ہے اور یہی احساس ان کی شاعری کو جاندار بنا دیتا ہے۔

ساحرؔ نے عشق بھی کیا تھا اور اس کے زخم بھی کھائے تھے۔ ان کے دل کے تاروں کو یکے بعد دیگرے کئی حسیناؤں نے چھیڑنے کی کوشش کی۔ ممکن تھا کہ زندگی رشک گلزار ہو جاتی لیکن نشاط اور شادمانی قسمت میں کم کم تھی وہ خود اس کا اعتراف کرتے ہیں:

چند کلیاں نشاط کی چن کر
مدتوں محو یاس رہتا ہوں

تیرا ملنا خوشی کی بات سہی
تجھ سے مل کر اداس رہتا ہوں

خوشی اور اداسی اسی طرح ہم سفر رہی۔ عشق کے راستے میں کبھی مذہب کی دیواریں حائل ہوئیں، کبھی سماجی حد بندیوں نے ساحرؔ کے عشق کو پنپنے نہیں دیا۔ اور یہ عشق اپنی جنون خیز کیفیتوں کے باوجود زخم خوردہ ہی رہا۔ اور ساحرؔ کی صبح و شام کا کیف زندگی کی مصلحتوں کے انبار میں دب کر رہ گیا۔

ایک یخ بستہ اداسی ہے دل و جاں پہ محیط
اب مری روح میں باقی ہے نہ امید نہ جوش
رہ گیا دب کے گراں بار سلاسل کے تلے
میری در ماندہ جوانی کی امنگوں کا سروش

لیکن اس کے باوجود وہ اپنے غموں کو نظر انداز کر کے محبوب کی پریشانیوں اور غموں کا بھی مداوا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ وہاں پر ایک ایک لفظ ساحرؔ کی اپنی افسردگی اور شکستگی کا آئینہ بن جاتا ہے۔

میری حیات کی غمگینیوں کا غم نہ کرو
غم حیات غم یک نفس سے کچھ بھی نہیں
تم اپنے حسن کی رعنائیوں پہ رحم کرو
وفا فریب ہے طولِ ہوس ہے، کچھ بھی نہیں

ساحرؔ کے یہاں شدت احساس ہے۔ تخیلی ماورائیت کی جگہ ارضیت ہے زندگی اور حسن کی حقیقی تصویریں چلتی پھرتی نظر آتی ہیں۔ اور جمالیات کی ایک ایسی کہکشاں بنائی ہیں جس کو دیکھتے دیکھتے آنکھیں نہیں تھکتیں۔ کچھ اشعار دیکھیں:

تیرے ہونٹوں پہ تبسم کی وہ ہلکی سی لکیر
میرے تخیل میں رہ رہ کے جھلک اٹھتی ہے
یوں اچانک ترے عارض کا خیال آتا ہے
جیسے ظلمت میں کوئی شمع بھڑک اٹھتی ہے
تیرے پیراہن رنگیں کی جنوں خیز مہک
خواب بن بن کے مرے ذہن میں لہراتی ہے

رات کی سرد خموشی میں ہر ایک جھونکے سے
تیرے انفاس ، تیرے جسم کی آنچ آتی ہے

تیری آواز، انتظار، مضمحل خواب، خوبصورت موڑ، ہراس، فنکار، فرار، ناکامی، ایک تصویر رنگ، میں نہیں تو کیا، ساحرؔ کی یہ وہ نظمیں ہیں جو اردو ادب کی خوبصورت نظموں کے زمرے میں آتی ہیں۔ ان نظموں میں اتنی انوکھی، خوبصورت اور جاندار تشبیہیں اور ایسے ایسے حسین مصرعے رومانی کیفیتوں کے اظہار کے لئے کہے گئے ہیں جو ایک جمالیاتی فضا اور خوابناک ماحول پیدا کر دیتے ہیں۔ مثال کے طور پر ذیل کے یہ اشعار ؎

شہد سا گھل گیا تلخابۂ تنہائی میں
رنگ سا پھیل گیا دل کے سیہ خانے میں
دیر تک یوں تری مستانہ ادائیں گونجیں
جس طرح پھول چٹکنے لگے ویرانے میں
قطرہ قطرہ ترے دیدار کی شبنم ٹپکی
لمحہ لمحہ تری خوشبو سے معطر گزرا

مذکورہ اشعار ساحرؔ کی مشہور نظم ''تیری آواز'' سے لئے گئے ہیں۔ پوری نظم رومانیت اور جمالیت کی ایک خوبصورت تصویر ہے جس میں سوز و ساز کے ساتھ ایسی امیجری پیدا ہوتی ہے جو تصورات کی خوبصورت فضاؤں میں ایک نیا رنگ بھر دیتی ہے۔

ساحرؔ نے زندگی کو بہت قریب سے دیکھا تھا۔ زندگی سے اسی قربت نے ان کے شعر و فن کو جلا بخشی تھی۔ شعر و ادب کی دنیا میں ان کی حیثیت مستحکم ہے۔ ویسے تنقیدی زاویہ نگاہ سے یہ حقیقت بھی اپنی جگہ مسلم ہے کہ انہیں ادب میں وہ مقام نہیں مل سکا جس کے وہ مستحق تھے۔ بلاشبہ فلموں نے انہیں جو شہرت و مقبولیت بخشی اور جس طرح سے ان کی زندگی

ہی نہیں عوام وخواص میں ان کے گیتوں اور نغموں کا جادو سر چڑھ کر بول رہا تھا وہ اپنی مثال آپ ہے۔ تقسیم ہند کے بعد بمبئی آ کر فلموں سے وابستگی ہوتے ہی کامیابی ان کے قدم چومنے لگی۔ رومانیت ان کی فطرت میں رچی بسی تھی۔ ان کی رومانی گیتوں اور ساحرانہ انداز شاعری نے شائقین فلم کو دیوانہ بنا کر رکھ دیا تھا۔ ہندوستانی فلم انڈسٹری ساحرؔ کی گیت سے بھرپور فائدہ اٹھانا چاہتی تھی۔ اس دور میں جان نثار اختر، شکیل بدایونی، مجروح سلطانپوری، کیفی اعظمی جیسے ہر دلعزیز فنکار و گیت کار موجود تھے جن کے نغمے اور رسیلے بول عالمی سطح پر فلموں کو شہرت و مقبولیت کے ساتھ اس کے ادبی وقار میں اضافہ کر رہے تھے۔ ان ہی مشہور و مقبول گیت کاروں کے درمیان ساحرؔ کی شخصیت اور شاعری ایک نئے حسن وادا سے دلوں کو مسحور کر رہی تھی۔ انہوں نے اپنی ذاتی زندگی کے تجربات وحادثات کو اپنے گیتوں میں یوں ڈھال دیا کہ دنیا ان کی دیوانی ہوگئی۔ ملاحظہ ہو ان کی بے حد مشہور غزل کے چند اشعار:

نغمہ و شعر کی سوغات کسے پیش کروں
یہ چھلکتے ہوئے جذبات کسے پیش کروں
کوئی ہمراز تو پاؤں کوئی ہمدم تو ملے
دل کی دھڑکن کے اشارات کسے پیش کروں

''کبھی کبھی'' ساحرؔ کی بے انتہا خوبصورت نظم ہے جس میں ساحرؔ اپنی زیست کی تیرگی کا ذکر کرتے ہوئے اس حقیقت کا بھی اعتراف کرتے ہیں کہ یہ محرومیاں شادابیوں اور رعنائیوں میں بھی بدل سکتی تھیں لیکن شاید زمانے کو یہ منظور نہ تھا۔ اپنی بے شمار امنگوں اور تمناؤں کو سرسبز دیکھنے کی خواہش ان میں بھی جوان تھی لیکن حالات سازگار نہ تھے اور اب یہ حال ہے کہ نہ کوئی غم باقی ہے نہ کوئی جستجو حتیٰ کہ اداسی کے یہ قافلے ان کی زندگی میں جیسے ٹھہر سے گئے ہوں:

نہ کوئی جادۂ منزل نہ روشنی کا چراغ
بھٹک رہی ہے خلاؤں میں زندگی میری
ان ہی خلاؤں میں رہ جاؤں گا کبھی کھو کر
میں جانتا ہوں مری ہم نفس مگر یونہی
کبھی کبھی میرے دل میں خیال آتا ہے

اس نظم میں ساحرؔ نے اپنی پرسوز کیفیت کو جس رعنائی فکر اور شگفتگیٔ اسلوب کے ساتھ پیش کیا ہے اس نے ان کی نظم کو ہمہ گیر شہرت و مقبولیت بخشی ہے۔

ساحرؔ کی ادبی خدمات کے اعتراف میں انہیں 1971ء میں پدم شری کے خطاب سے نوازا گیا۔ ان کی نظموں کے ترجمے دنیا کی مختلف زبانوں میں ہو چکے ہیں۔ یہ ان کی آفاقیت اور مقبولیت کا سب سے بڑا ثبوت ہے۔ ساحرؔ جس نے کہا تھا کہ ''میں پل دو پل کا شاعر ہوں'' لیکن حقیقت یہ ہے کہ ان کے نغموں کی بازگشت صدیوں تک سنائی دے گی۔

!!_____

مولانا جلال الدین محمد بلخی اور ان کا فلسفہ

ڈاکٹر محمد شاہد جمیل
اسسٹنٹ پروفیسر،
صدر شعبہ فارسی، گورنمنٹ گرلس جنرل ڈگری کالج، کلکتہ

Abstract:

Maulana Jalaluddin Rumi (1207- 1272 AD.) was a Persian poet, mystic, and scholar whose profound spiritual legacy transcends cultures and centuries. Born in present-day Afghanistan, he later moved to Konya, Turkey, where he spent much of his life. Rumi is best known for his poetry, particularly the Masnavi, which explores divine love, the nature of the self, and humanity's relationship with God. His works, written in Persian, have been translated into many languages, making him one of the most widely-read poets globally.

Rumi's philosophy centers on the concept of tawhid (unity of God), emphasizing that all creation is interconnected and a reflection of the divine. He believed in the transformative power of love - both human and divine - as the path to enlightenment and union with God. His teachings stressed inner purification, the shedding of ego, and the pursuit of spiritual growth. The metaphor of the soul's longing to reunite with its divine source is a recurring theme in his works.

Rumi's spiritual practice was rooted in Sufism,and his followers, the Moulevi Order, are known for the practice of the whirling dervish dance, symbolizing the soul's journey toward spiritual awakening and unity with God. His message of love, unity, and inner reflection continues to inspire people today.

فارسی ادب کے عالمی شہرت یافتہ شاعر مولانا جلال الدین محمد بلخی جنہیں دنیا مولانا روم کے نام سے جانتی ہے وہ ایک غیر معمولی صوفی تھے اور سلسلہ مولوی درویشوں کے بانی تھے، جسے عام طور پر ترکی کے گھومتے درویشوں کے نام سے جانا جاتا ہے۔ یہ طریقہ اپنے بانی مولانا جلال الدین کے نام پر ''جلالیہ سلسلہ'' کے نام سے بھی جانا جاتا ہے[1]۔ تاہم، مولویہ سلسلہ کے قیام کا کریڈٹ ان کے والد سلطان العلما بہاؤالدین وَلَد کو جاتا ہے، جو اپنے دور کے ایک ممتاز عالم اور روشن خیال انسان تھے[2]۔ ان کے تین بچے تھے، ایک بیٹی اور دو بیٹے، اور ان میں مولانا رومی سب سے چھوٹے تھے۔ اس طریقے کی خاص خصوصیت ایک مخصوص قسم کا گھومنے والا رقص اور سماع تھا۔

مولانا جلال الدین ۶۰۴ ہجری مطابق ۱۲۰۷ عیسوی میں افغانستان کے شہر بلخ میں پیدا ہوئے، جیسا کہ ''مناقب العارفین'' کے مصنف نے ذکر کیا ہے، اور ۶۷۲ ہجری مطابق ۱۲۷۲ عیسوی میں ۶۸ سال کی عمر میں مرکزی شہر قونیہ (ترکی) میں وفات پائی[3]۔

مولانا جلال الدین کو ان کے قلمی نام ''رومی'' سے جانا جاتا ہے[4]، کیونکہ انہوں نے اپنی زندگی کا بڑا حصہ قونیہ میں گزارا، جو ان دنوں ''روم'' کے نام سے مشہور تھا۔ وہ بلخ کے ایک محترم خاندان سے تعلق رکھتے تھے، جو نہ صرف مذہبی حلقوں میں بلکہ ریاستی انتظامیہ میں بھی ممتاز حیثیت رکھتا تھا۔ ان کے والد کی جانب سے ان کی نسل حضرت ابوبکرؓ تک پہنچتی ہے، جو اسلام کے چار خلفاء میں پہلے تھے؛ اور والدہ کی طرف سے وہ شاہ خوارزم

کے خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ ان کے والد مولانا وَلَد ایک ممتاز عالم دین تھے۔ ان کے علم اور زہد وتقویٰ کی بناء پر بلخ کے اشرافیہ نے انہیں ''شمس العلماء'' کے خطاب سے نوازا اور انہیں اپنے بااثر بیٹے مولانا رومی کی نسبت ''مولانا بزرگ'' بھی کہا جاتا تھا۔ مولانا وَلَد کی تقریر اور تبلیغ کا موضوع قرآن مجید کی تعلیمات پر مشتمل تھا، فلسفیوں اور عقلیت پسندوں کی تشریحات کو نظرانداز کرتے ہوئے انہوں نے بادشاہ اور اس کے درباریوں کو ناراض کیا۔ نتیجتاً، مولانا ولد کو ۱۲۱۸ عیسوی میں اپنے خاندان کے افراد کے ساتھ شہر چھوڑنا پڑا، جن میں گیارہ سالہ جلال الدین بھی شامل تھے۔ ایک اور روایت کے مطابق، مولانا ولد نے منگول خطرے کی وجہ سے اپنا گھر چھوڑا، جو ایشیاء کے اس حصے کو دھمکی دے رہا تھا[5]۔ مولانا ولد بغداد گئے اور مقدس شہر مکہ کی زیارت کی، جہاں انہوں نے حج کیا۔ یہ بات ریکارڈ کی گئی ہے کہ مکہ میں مولانا ولد کے خاندان کی ملاقات اسلامی صوفی بزرگ شیخ فریدالدین عطار سے ہوئی، جنہوں نے جوان جلال الدین کو روشن مستقبل اور علم کی شان کے لئے دعائیں دیں۔ مزید انہوں نے اپنی صوفیانہ کتابیں ''الٰھی نامہ'' ''اسرار نامہ'' مولانا کو عطا کی۔ یہ دونوں صوفیانہ کتابیں جلال الدین کے مطالعے میں رہیں اور ان کے ذہن پر گہرے اثرات مرتب کیے۔

تاہم، جلال الدین کی زندگی کا اہم موڑ شمس تبریز سے ملاقات تھی[6]، جو قونیہ کی گلیوں میں گھومتے درویش تھے۔ جلال الدین پہلی نظر میں ہی شمس تبریز کی طرف متوجہ ہو گئے اور ان کے دل و دماغ میں ایک نئی خوشی پیدا ہوئی۔ جلال الدین شمس تبریز کی صوفیانہ شخصیت سے اس قدر متاثر ہوئے کہ انہوں نے جلد ہی انہیں اپنا روحانی پیشوا تسلیم کر لیا۔ شمس تبریز نے کئی مہینوں تک جلال الدین کو روحانی اسرار و رموز اور عظمت الٰہی کی تعلیم دی۔ دونوں ایک پراسرار طریقے سے ملتے رہے، جس سے جلال الدین کے شاگردوں

میں شبہات اور ان کے رشتہ داروں میں بے چینی پیدا ہوگئی۔ کہا جاتا ہے کہ رومی اور شمس کے درمیان گہرے جذباتی تعلق زیادہ دنوں تک باقی نہیں رہا، اور شمس تبریز بلخ سے کسی نامعلوم منزل کی طرف نکل گئے۔ مولانا کی بے چینی کو دیکھتے ہوئے ان کے بیٹے اور شاگرد شمس تبریز کو واپس لائے، لیکن مختصر قیام کے بعد وہ ایک بار پھر مولانا کو چھوڑ کر چلے گئے اور کبھی لوٹ کر نہیں آئے۔ شمس تبریز کی جدائی نے جلال الدین رومی کے جذبات کو اس قدر متاثر کیا کہ انہوں نے اپنے ممتاز شاگرد حسام الدین چلپی کے کہنے پر شاعری کا سہارا لیا[7]۔

جلال الدین کی شمس تبریز کے ساتھ والہانہ محبت اور جذباتی لگاؤ کے واقعات کتابوں میں بھرے پڑے ہیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ وہ اپنے استاد اور روحانی رہنما شمس تبریز کے لیے اپنے دل میں بے پناہ عزت و احترام رکھتے تھے۔ مولانا رومی نے اپنی غزلوں کے مجموعے کا نام ''دیوانِ شمس تبریز'' رکھا، جو شمس تبریز کے ساتھ ان کی گہری محبت اور وابستگی کا مظہر ہے۔

''مثنوی روم'' مولانا جلال الدین رومی کا ایک عظیم کارنامہ ہے۔ اسے باطنی حقیقت کا ایک منفرد انکشاف قرار دیا گیا ہے اور بہت پہلے ہی جب عبدالرحمٰن جامیؔ نے اسے فارسی میں قرآن کہہ کر اس کی عظمت کا اعتراف کیا ہے:

مثنوی معنوی مولوی هست قران در زبان پهلوی

رومی بذات خود اپنی مثنوی کی اہمیت اور عظمت و برتری سے واقف تھے۔ انہوں نے اس کتاب کے جلد چہارم کے مقدمہ میں 'اسے سب سے بڑا تحفہ اور قیمتی انعام' قرار دیا۔ مزید یہ کہ انہوں نے اسے اپنے دوستوں کے لیے روشنی اور آنے والے نسلوں کے لیے روحانی خزانہ کہا۔ درحقیقت، ۷۵۰ سال گزرنے کے باوجود، آج بھی دنیا بھر میں انسانی تہذیب کے سب سے قیمتی خزانے کے طور پر سجا ہوا ہے۔

جلال الدین رومی نے اپنی گفتگو کے موضوع کو کہانیوں کے فریم ورک میں ترتیب دیا ہے، جو اکثر ان کے باطنی معنی کی وضاحتوں کے ساتھ آپس میں جڑی ہوئی ہیں۔ آرائے نکلسن نے درست ہی کہا ہے:

> ''یہ کہانیاں زندہ دل مکالمے، ماہرانہ طنز اور انسانی فطرت کی مزاحیہ وضاحتوں سے بھرپور ہیں، جو آدابِ زندگی کی ایک تصویر پیش کرتی ہیں اور نہ صرف وسطی دور کے صوفیانہ نظریات بلکہ مسلمانوں کے عمومی نقطہ نظر کی عکاسی کرتی ہیں''۔[8]

مولانا جلال الدین رومی پہلے ایک صوفی تھے اور بعد میں شاعر۔ انہوں نے صوفیانہ اصطلاحات کو صرف شاعرانہ زینت کے طور پر استعمال نہیں کیا بلکہ انہیں اپنے الہامی خیالات اور روحانی تجربات کے پھیلاؤ کے لیے استعمال کیا۔ اپنی شاعری کے ذریعے رومی نے ایک اخلاقی نظام کو اجاگر کیا، جس میں دل کی پاکیزگی، خیرات، خودنفی اور جذبات کو لگام دینے پر زور دیا گیا، جو ابدی خوشی حاصل کرنے کے لیے اہم شرائط تصوّر کیے جاتے ہیں۔

رومی نے پوری کائنات کو ایک خدا سے نکلتا ہوا سمجھا۔ ان کے خیال میں ہماری روح کچھ نہیں بلکہ روشنی کی ایک کرن ہے جو اپنے منبع سے جدا ہو کر اس ادنیٰ اور مادی دنیا میں آ گری ہے اور مسلسل اپنے منبع کی طرف واپس لوٹنے کی کوشش کر رہی ہے، کیونکہ اسے خداوند سے ملاقات کی شدید خواہش ہے۔ اس نقطے کو مزید واضح اور قابل فہم بنانے کے لیے انہوں نے بانسری کی مثال دی، جو بانسوں کے جھرمٹ سے جدا ہو گیا ہے، لیکن اس کا دل مسلسل اپنے چشمے کی حقیقت کو سمجھنے کی کوشش میں ہے۔ اپنے بے مثال انداز میں رومی جدائی کے درد کو یوں بیان کرتے ہیں:

بشنو از نی چون حکایت می کند از جداییها، شکایت می کند
کز نَیستان تا مرا ببریده اند از نفیرم، مرد و زن نالیده اند
سینه خواهم شرحه شرحه از فراق تا بگویم شرح دردِ اشتیاق
هر کسی کو دور ماند از اصل خویش باز جوید روزگارِ وصلِ خویش 9

رومی نے عشق کو خداوند سے وصل حاصل کرنے کا واحد وسیلہ سمجھا کیونکہ یہی عشق ہے جو انسان کو تمام قسم کے تکبر اور خود پسندی سے آزاد کرا سکتا ہے، تکبر خدا کو سمجھنے کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ عشق، جیسا کہ ہم سب جانتے ہیں کہ جدائی کی آگ بھڑکاتا ہے اور روح کے گرد موجود سیاہی کو جلاتا ہے۔ وہ کہتے ہیں:

خام را جز آتش هجر و فراق کی پزد کی وارهاند از فراق 10

رومی کے نزدیک عشق وہ اولین احساس ہے جس سے انسان کو نوازا گیا ہے۔ یہ انسانیت کو ابدی خوشی عطا کر سکتا ہے کیونکہ اسی میں تمام بیماریوں کا علاج موجود ہے، خاص طور پر وہ تکبر اور خود پسندی جو انسانی عظمت کے بلند مقام، یعنی خداوند کے ساتھ ضم سے روکتی ہے۔ وہ کہتے ہیں:

شاد باش ای عشق خوش سودای ما ای طبیب جملهٔ علت های ما
ای علاج نخوت و ناموس ما ای تو افلاطون و جالینوس ما 11

مولانا رومی عشق کو انسانی زندگی کی سب سے بڑی قوت سمجھتے ہیں کیونکہ یہ روح کو 'ایک حقیقت' سمجھنے میں تمام رکاوٹوں کو عبور کرنے میں مدد دیتا ہے۔ ان کے مطابق، عشق کا مذہب تمام دوسرے مذاہب سے مختلف ہے۔ خداوند 'صرف ایک حقیقت' ہے جس پر ایک حقیقی خدا کا عاشق یقین رکھتا ہے۔

خداوند کی حقیقی محبت حاصل کرنے کے لیے سخت مشقت کرنا ضروری ہے۔ اگر

کوئی چاہتا ہے کہ وہ ہر چیز میں الٰہی کو دیکھے تو اسے دنیاوی لذتوں اور عیش وعشرت کو ترک کرنا ہوگا۔ رومی نے اپنی مثنوی میں اس حقیقت کو خوبصورتی سے بیان کیا ہے، جہاں انہوں نے لیلیٰ کی مثال دی۔ جب کوئی اس کی خوبصورتی کو کمزور کرتا ہے تو وہ جواب دیتی ہے:

از دگر خوبان تو افزون نیستی گفت خامش چون تو مجنون نیستی
هر که بیدارست اودر خواب تر هست بیداریش از خوابش بتر
چون بحق بیدار نبود جانِ ما هست بیداری چون در بندان ما[12]

رومی نے اپنے ایک شعر میں درست طور پر کہا ہے کہ جو شخص زیادہ باخبر ہوتا ہے، وہ زیادہ تناؤ میں ہوتا ہے۔

هر که او بیدار تر پُر درد تر هر که او آگاه تر رُخ زرد تر[13]

رومی کے مطابق 'فقیری' یا 'درویشی' کا مطلب غربت اور بدحالی نہیں ہے، بلکہ یہ تکبر اور خود پسندی سے مکمل آزادی کا تقاضا کرتی ہے۔ بلاشبہ، دولت، پیشہ، اور نسل اس عارضی زندگی کے لیے ضروری ہے، لیکن یہی رکاوٹوں کی تسکین ہے جو ہمیں اپنے مقصد تک پہنچاتی ہے۔

چیست دنیا از خدا غافل بدن بی قماش و نی زر و فرزند و زن
مال را کز بهر دین باشی حمول نعم مال صالح خواندش رسول
آب در کشتی هلاک کشتی است آب اندر زیر کشتی پشتی است[14]

رومی انسانیت کے اتحاد کی وکالت کرتے ہیں۔ اگر دل پاک ہو تو ذات یا عقیدہ، قوم یا زبان کا فرق ہماری یکجہتی میں رکاوٹ نہیں بنے گا۔ وہ کہتے ہیں:

ای بسا هندو و ترک هم زبان ای بسا دو ترک چون یگانگان
پس زبان همدلی خود دیگر است همدلی از همزبانی بهتر است[15]

مولانا جلال الدین رومی نے بے شمار صوفیانہ خیالات اور تصورات کو پانچ اہم نکات کی بنیاد پر پیش کیا ہے۔ تخلیق، خوبصورتی، انصاف، محبت اور زندگی۔ لیکن خلاصہ کے طور پر ہم اسے درج ذیل الفاظ میں بیان کر سکتے ہیں۔

اولاً، حقیقت ایک ہے اور تمام مظاہر اس کے مختلف پہلو ہیں۔ دوم، تمام مخلوقات حتمی حقیقت سے نکلتی ہیں، اس لیے وہ اپنے اصل ماخذ کی طرف واپس جانے کا رجحان رکھتی ہیں۔ سوم، حقیقت کو کسی حد تک عقل سے سمجھا جا سکتا ہے، بشرطیکہ عقل جامع ہو۔ چہارم، حقیقی علم تجربے سے حاصل کیا جا سکتا ہے، منطق سے نہیں۔ پنجم، زندگی کا بنیادی مقصد روح کا اپنی حقیقت یعنی حقیقت الٰہی سے ملاپ ہے۔ ششم، عشق روحانی ادراک کے سوا کچھ نہیں اور علم الٰہی صرف عشق کے ذریعے حاصل کیا جا سکتا ہے جو انسان میں فطری طور پر موجود ہے۔ ہفتم، یہ عشق تمام مذاہب کا بنیادی سرچشمہ ہے اور بالآخر یہ ابدی خوشی کی طرف لے جاتا ہے۔

مولانا جلال الدین رومی نے اپنی مثنوی میں محبت اور عالمی بھائی چارے کا جو صوفیانہ فلسفہ پیش کیا ہے، وہ جدید دور میں پوری عالم انسانیت کے لیے ایک مشعل راہ بن سکتا ہے اور دنیا کے مختلف اقوام کے درمیان باہمی افہام وتفہیم اور فلاح و بہبود کے دور کا آغاز کر سکتا ہے۔ مثنوی کے پیغامات کو دنیا کے ہر کونے تک پہنچانا ضروری ہے تاکہ مشکلات اور پریشانیوں کا سامنا کرنے والی بے چین اور مضطرب انسانیت کو نجات حاصل ہو سکے۔

حوالہ جات:

1۔ دائرہ معارف اسلامیہ (اردو)، دہم، جلد 7، 1971؛ پہلا ایڈیشن، صفحہ 325۔
2۔ انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا، جلد 10، 15 واں ایڈیشن، 1973-74، صفحہ 14۔

3۔ دائرہ معارف اسلامیہ، صفحہ 325۔
4۔ انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا، جلد 10، 15 واں ایڈیشن، 1973-74، صفحہ 14۔
5۔ ایضاً۔
6۔ ایضاً۔
7۔ رضازادہ شفق، تاریخِ ادبیاتِ ایران (اردو)، دہلی، 1969، صفحات 359-361۔
8۔ آرائے نکلسن، Tales of Mystic meaning، صفحہ xxv۔
9۔ مثنویِ معنویِ جلال الدین مولوی، مدیر: توفیق ایچ۔ سبحانی؛ ایران 1373، صفحہ 3، اور رضازادہ شفق، صفحہ 365۔
10۔ ایضاً، صفحہ 125۔
11۔ ایضاً، صفحات 3-4۔
12۔ رضازادہ شفق، تاریخِ ادبیاتِ ایران (اردو)، دہلی، 1969، صفحہ 369۔
13۔ ایضاً، صفحہ 369۔
14۔ ایضاً، صفحہ 370۔
15۔ ایضاً، صفحہ 372۔

قرۃ العین حیدر کے ناول "آگ کا دریا" میں اشترا کی لہر

ڈاکٹر شبنم پروین
اسسٹنٹ پروفیسر،
صدر شعبہ اردو، گورنمنٹ گرلس جنرل ڈگری کالج، کلکتہ

Abstract:

Quratul-ain Hyder (20 January 1927-21 August 2007) was an Indian Urdu novelist, short story writer, an academician, and a Journalist. He is one of the most outstanding and influential literary names in Urdu literature. She is best known for her magnum opus, Aag Ka Darya (River of Fire), a novel first published in Urdu in 1959, from Lahore, Pakistan, that stretches from the fourth century BC to post-partition India. The novel timeliness spanned more than two thousand years, starting from the time of Chandragupta Maurya in the fourth century BC to the post-Independence period in India and Pakistan. Together the characters reflect the oneness of human nature amidst the nationalist and religious upheavals of Indian history. Hyder argues for a culture that is inclusive.

Hyder traces the fates of four souls through time: Gautam, Champa, Kamal, Cyril. Gautam (appearing first as a student of mysticism at the forest University of Shravasti in the fourth century B.C.E) and Champa (throughout embodying the enigmatic experience of Indian women) begin and end the novel.

قرۃ العین حیدر اردو کے چند چوٹی کے ناول نگاروں میں خاص عظمت کا درجہ رکھتی ہیں۔ان کے ناولوں نے اردو ناول نگاری کو فکر وفن کی نئی جہتوں سے روشناس کیا ہے۔ حیدر کے ناول فن ،تکنیک ، جزئیات اور منظر نگاری کے اعتبار سے قابلِ قدر درجہ رکھتے ہیں۔اسلوبِ نگارش نہ صرف دلکش اور جاذب توجّہ ہے بلکہ اس کی تہہ میں رومانیت کی جھلک بھی ملتی ہے اور انسانی نفسیات کو فلسفیانہ انداز میں پیش کرنے کا ہنر قابل تعریف ہے۔ حقیقت اور جذبات کی آمیزش کا دلکش بیان ملتا ہے۔شعور کی رو کی تکنیک ان کے ناولوں کی خاص خصوصیت ہے، ان کا دائرہ کار نہایت وسیع اور پیشکش عمدہ ہے۔ان کے ناولوں میں "میرے بھی صنم خانے"(1947)،"سفینۂ غم دل"(1951)،"آگ کا دریا"(1959) ،"آخر شب کے ہم سفر"(1979)،"کارِ جہاں دراز ہے"،"گردش رنگ چمن"(1988)،" چاندنی بیگم"(1990)وغیرہ ہیں۔

درحقیقت قرۃ العین حیدر نے اپنے ناولوں میں اکثر جگہوں پر اشتراکی نقطہ نظر کو بہت ہی خلاقی سے پیش کرتی ہیں۔انہیں مزدوروں کی زندگی سے ہمدری ہے اور دولت مند طبقے کی عیاشیوں سے شدید نفرت ہے۔ایک اقتباس ملاحظہ ہو:

> ''اور اسے خیال آتا ہے، ارے ہم تو آزادی کے دیوانے تھے، ہم چاہتے تھے کہ ہماری جنتا کے رہن سہن کے ڈھنگ کا معیار اونچا ہوجائے ۔ ہماری بڑی آرزو تھی کہ کوئی جاہل، بھوکا نہ رہے، اقتصادی اور طبقاتی کشمکش..... جنتا کے رہن سہن کا معیار اونچا ہوا۔کتب خانے رات کے اسکول''۔

("میرے بھی صنم خانے" قرۃ العین حیدر-ص:436)

اردو ناول نگاری کی تاریخ میں "آگ کا دریا" ناقابل فراموش کارنامہ ہے۔ یہ ایک تاریخی ناول ہے جس میں فلسفیانہ انداز کی کارفرمائی ملتی ہے۔اس ناول کا کینوس اردو کے تمام ناولوں میں سب سے زیادہ وسیع ہے جو اپنے دامن میں ڈھائی ہزار سال کی تہذیبی

تاریخ کو سمیٹے ہوئے ہے جو ہر دور کی عوامی قوتوں، معاشرتی پہلوؤں، سیاسی پالیسیوں اور عام سماجی حقیقتوں کو منظر عام پر لاتا ہے۔ یہ تاریخ قدیم ہندوستانی تہذیب سے شروع ہوکر قیام پاکستان کے واقعات پر مشتمل ہے۔ یہ سارے واقعات گوتم نیلمبر، ہری شنکر، کمال اور چمپا کے حوالے سے سامنے آتے ہیں۔ کردار ہر دور میں اپنی جنس تبدیل کئے بغیر معاشرتی زندگی کی عکاسی کرتے ہیں۔ اس ناول میں شعور کی رو کی تکنیک کا کامیاب تجربہ کیا گیا ہے۔ اس میں ماضی اور حال کی سیاسی و معاشرتی تاریخ کا پھیلاؤ ناول کے دامن کو اس قدر وسیع کرتا ہے کہ اس کے بعد کے ناول نگاروں نے بھی تاریخ کے تذکرے کو اپنے ناول میں برقرار رکھا۔ بقول وحید اختر:

> ''آگ کا دریا'' ہماری تہذیب کی دستاویز بھی ہے اور ہم عصر طرز فکر و احساس کا آئینہ خانہ بھی۔ اگر اسے اردو کا سب سے بڑا ناول نہ مانا جائے تب بھی یہ ماننا پڑے گا کہ یہ ناول اردو کے دو تین بڑے ناولوں میں سے ہے''۔

(قرۃ العین حیدر ایک مطالعہ- ڈاکٹر ارتضی کریم صفحہ: 297، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی، 2001- بار دوم)

گوتم اس ناول کا مرکزی کردار ہے جو ہندوستان کی تہذیبی روح کی حیثیت رکھتا ہے چنانچہ اس کے کردار میں فلسفے کی آمیزش بھی بالکل ہندوستانی ذہن کے مطابق ہے۔ اس کا زمانہ بدھ کے سو سال بعد کا ہے۔ وہ سچائی کی تلاش میں سرگرداں ہے اور کرب اور دکھ ہر وقت اس کے ساتھ ساتھ سائے کی طرح رہتے ہیں اور تاریخ کے گزرتے وقت مختلف چہرے لئے ہمارے سامنے آتا ہے۔ وہ طالب علم، چتر کار، گائیک، ڈرامہ نگار، اداکار، ایسٹ انڈیا کمپنی کا ذمہ دار منتظم اور بیوروکریٹ، سفارت کار اور بہت کچھ ہے۔ گوتم اپنے دل میں عورت کے لئے بہت ہی نرم جذبہ رکھتا ہے اور اس کے دکھ سکھ کو گہرے طور پر محسوس کرتا ہے اس کے نزدیک عورت کا دل دکھانا بہت بڑا گناہ ہے۔

ہری شنکر ایک باشعور انسان ہے اور گہری فکر سے مملو بھی جو بدھ کی ترجمانی کرتا ہے اس طبیع میں وہ بے چینی اور اضطرابی نہیں جو گوتم کے یہاں ملتی ہے۔ چمپا بائی کا کردار بھی بہت اہم ہے جو مردوں کی بتائی ہوئی دنیا میں، مردوں کے بنائے ہوئے قانون کے آگے سرنگوں ہے۔ یہ کردار کرب و اذیت میں بھی خود کو سنبھالے رکھتا ہے ۔ دوسرے اہم کرداروں میں عامر رضا، نرملا، کمال احمد، طلعت وغیرہ ہیں۔

ناول کا بنیادی موضوع یہ ہے کہ وقت دراصل آگ کے دریا کی مانند ہے جس میں انسانی وجود بار بار ڈوبتا اور ابھرتا ہے۔ یہ ایک ایسی تند و تیز آندھی ہے جس نے انسانی وجود کا زبردست تھپیڑوں سے شکستہ و مجروح کر دیا ہے۔ وقت ہی دراصل ناول کا سب سے جاندار اور فعال کردار ہے جو تہذیبوں کے عروج و زوال، فلسفیوں کی موشگافیوں کی بے وقعتی ، اقدار و تصورات کی تعمیروں کی بے ثباتی، کرداروں کی انفرادی زندگیوں اور ان کے تجربات پر غالب ہے۔ یہی ان کی تشکیل بھی کرتا ہے اور خود میں انہیں جذب کر کے فنا بھی کر دیتا ہے ۔ یہ وقت کبھی نہیں بدلتا۔ انسان بدل جاتے ہیں لیکن وہ ہمیشہ اسی طرح رواں تھا اور رواں رہتا ہے۔

ناول کا فکری پس منظر قدیم ہندوستانی تہذیب کے اولین دور سے شروع ہوتا ہے۔ ناول کی کہانی تین ادوار پر مشتمل ہے۔ ویدک عہد سے شروع ہو کر موریہ خاندان کے دور حکومت، مغلوں کا عہد، سامراجی دور اور آخر میں ملک کی تقسیم کے واقعات کے تاریخی پس منظر کو پیش کرتا ہے۔ اس میں ہندوستانی تہذیب کے ارتقا کی کہانی شرواستی اور پاٹلی پتر کی تہذیب ، ہندو مسلم مشترکہ تہذیب ، انگریزی سامراج کی چیرہ دستیاں اور پھر اس کا زوال، مختلف قومی تحریکیں، ہندوستان کی آزادی کی جدوجہد پھر تقسیم کا مسئلہ اور پھر ہندوستانی و پاکستانی معاشرتوں کا احاطہ بڑے کامیاب ڈھنگ سے کیا گیا ہے۔ ہندوستان کی تاریخ گوتم اور ہری شنکر کے وسیلے سے بیان کی گئی ہے۔ اس ناول میں گوتم ، ہری شنکر، وید، گیتا،

مہابیر رام کرشن، تلسی داس، کبیر داس وغیرہ کے تذکروں کے ساتھ ساتھ مہاتما گاندھی، جناح، جواہر لال نہرو بھی اس ناول میں موجود ہیں جن کی اعلیٰ انسانی خدمات اور رومانیت کے فلسفے کو سراہا گیا ہے۔ وہ اپنی روح کو بھی ہندوستان کی روح سے الگ نہیں سمجھتیں اس لئے ایسا لگتا ہے جیسے وہ اپنی ہی داستان سنا رہی ہیں۔

جہاں تک اشتراکی انداز فکر کا تعلق ہے، مصنفہ براہ راست اشتراکی فلسفہ حیات سے انسلاک نہیں رکھتیں، لیکن ان کے ہاں اشتراکی اصطلاحات ضرور نظر آتی ہیں کیونکہ ان کا دل ہمدردی سے مملو ہے اور وہ انسان دوستی کے نظریئے کی قائل وہ امن کی پیغامبر ہیں۔ وہ ایک پرسکون فضا کی متلاشی ہیں تاکہ ہر انسان آزادی کے ساتھ سانس لے سکے اور استحصال کا خاتمہ ہو سکے۔ جب تک سماج طبقات میں بٹا ہوگا۔ سماجی کشمکش کا احساس بدستور جاری رہے گا۔ جبر و تشدد کا بازار گرم رہے گا اور انسانی استحصال کی فضا چھائی رہے گی۔ مصنفہ کے یہاں اشتراکی رجحان یا نچلے، مظلوم اور پسماندہ طبقہ سے ہمدردی کا جذبہ بھی کارفرما ملتا ہے جس کا اعتراف عبدالمغنی یوں کرتے ہیں:

> ''قرۃ العین حیدر کے معاشرتی تجزیئے میں معاشی عنصر بھی مدنظر ہوتا ہے۔ ان کی ہمدردیاں پچھڑے ہوئے کمزور و لوگوں، تباہ حال کسانوں، مفلس، مزدوروں اور نادار انسانوں کے ساتھ ہیں حالانکہ خود ان کا تعلق خوشحال اعلیٰ متوسط طبقے سے ہے۔ اپنے اقتصادی، تجزیئے میں وہ خاص کر استحصال اور ٹھیکے داری کی مذمت کرتی ہیں۔ حقوق یافتہ عیاشوں کی قلعی کھولتی ہیں اور دولت مند ظالموں کو نشانہ تنقید بناتی ہیں''۔

(قرۃ العین حیدر کا فن- عبدالمغنی -صفحہ: 97-98، اکتوبر 1985 موڈرن پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی)

ہندوستان ایک زراعتی ملک ہے۔ زراعتی مسائل نے برطانوی سامراج کے عہد

میں مظلوم اور بدحال کسانوں کو جس طرح ہراساں کر رکھا تھا کہ اس کی نظیر نہیں ملتی۔ لگان کی زیادتی نے ان کی کمر توڑ کر رکھ دی تھی اور قحط سالی نے انہیں بھوکوں مرنے پر مجبور کر دیا تھا۔ مصنفہ نے اپنی اس تاریخی دستاویز میں جہاں مختلف واقعات اور پہلوؤں کی وضاحت کی ہے وہاں محنت کش طبقہ کے مسائل کی بھی عکاسی کی ہے:

''....زرعی زمین پر آبادی کا بوجھ بڑھ گیا تھا۔ ہندوستان جو دنیا کا سب سے بڑا صنعتی ملک تھا اب خالص زراعتی ملک میں تبدیل کر دیا گیا تھا جہاں پیداوار کم تھی لگان زیادہ اور روز قحط پڑتے تھے''۔

(''آگ کا دریا'' قرۃ العین حیدر، صفحہ 224، 1984، اردو کتاب گھر، دہلی)

سماج جو مختلف طبقوں میں منقسم ہے، وہاں نچلے اور بدحال طبقے کو کسی بھی طرح کی سہولت دستیاب نہیں۔ یہ مظلوم و نادار طبقہ ہمیشہ سے سرمایہ داروں اور طبقہ اعلیٰ کے جبر و ستم کا شکار رہا ہے۔ ان سے ہمدردی رکھنا تو دور، ان کے سائے سے بھی ڈرتے ہیں۔ مصنفہ نے بظاہر اپنے طبقے کی بلند پائیگی کا فخریہ ذکر کیا ہے، لیکن طنز کی کاٹ دردمندی کے احساس کو گہرا کر دیتی ہے:

''نچلے طبقے کے لوگوں نے مہینہ بھر ہی والی بال کھیلا ہوگا کہ کوٹھیوں کے رہنے والوں نے میدان کے مالک سے شکایت کی ان کی وجہ سے ماحول میں فرق آتا ہے۔ اسکے بعد سے والی بال کھیلنے والوں کا آنا بند ہو گیا اور میدان میں پھر سناٹا چھا گیا''۔ (ایضاً، صفحہ 319)

محنت کش طبقہ پر ہونے والے مظالم اور اس زمانہ کے سیاسی صورت حال کی عمدہ مرقع کشی بھی اس میں ملتی ہے اور ساتھ ہی سرمایہ اور محنت کی کشمکش کا اظہار بھی ملتا ہے۔ جس طرح برطانوی سامراج میں زمیندارانہ اور سرمایہ دارانہ نظام نے محنت کش انسانوں، افلاس زدہ کسانوں اور گھریلو دستکاریوں کو تباہ کر رکھا تھا اس کا شعورانہ احساس رکھتے ہوئے مصنفہ

نے پورے عہد کو حقائق کی روشنی میں پیش کر دیا ہے۔ اقتباس ملاحظہ ہو جو اشتراکی اور طبقاتی آویزش کی عکاسی کرتا ہے:

''قمرن اور قدیر دونوں کسانوں کی اولاد تھے۔ ڈرائیور بننے سے پہلے قدیر اپنے ضلع کی کسان سبھا میں شامل تھے اور چرخے کا پرچار کرتے پھرتے تھے۔ یہ وہ زمانہ تھا جب موتی لال کا ولایت پلٹ بیٹا زمینداری کی بیخ کنی کرنے کے درپے تھا۔ گاؤں گاؤں گھومتا تھا۔ کسانوں کی جھونپڑیوں میں رہتا تھا اور اودھ کے کسانوں کا لیڈر بنا ہوا تھا۔ تعلقہ داری سسٹم نے کسانوں کی جو درگت بنا رکھی تھی اس سے قدیر سے بہتر واقف کون ہوسکتا تھا۔ اسی لئے جب گلفشاں کے لان پر کمال کے دوست احباب سوشلزم پر کبھی لمبی چوڑی بحثیں کرتے تو قدیر بھی کسی نہ کسی بہانے سے جا کھڑے ہوتے اور ان کی باتوں کو سمجھنے کی کوشش کرتے۔ ان کو تو صرف یہ معلوم تھا کہ ان کے گاؤں کے زمیندار ٹھاکر صاحب کے سپاہیوں نے ایک روز جب لگان ادا نہ ہونے پر ان کے باپ کو ڈنڈوں سے اس قدر مارا کہ وہ ختم ہو گئے تو قدیر کو کلکتے جا کر کلینری کرنی پڑتی تھی اور ان کے گھر میں اب بھی روپوں کے لالے پڑتے تھے۔ ان دنوں ۱۹۳۱ء کے لگ بھگ کانگریس نے تحریک چلا رکھی تھی کہ حکومت کو ٹیکس مت ادا کرو، گاؤں گاؤں یہ تحریک چل رہی تھی۔ حکومت اور زمیندار ایک طرف تھے۔ کسان اور کانگریس دوسری طرف، قدیر کے گھر ایک زمانے میں قالین بھی بنے جاتے تھے مگر سرکاری پالیسی اور مشینی مال کی درآمد کی وجہ سے گھریلو صنعتیں تباہ ہو چکی تھیں۔ زمین پر بوجھ بڑھتا گیا تھا اور زمیندار کو لگان ادا کرنا برحق تھا۔ انہی حالات نے قدیر کے باپ کی جان لی مگر اب جو کچھ لکھنو شہر میں ہو رہا تھا وہ قدیر کی عقل میں نہیں آتا تھا۔ بے اطمینانی اور انتشار کی اصل وجہ اقتصادی تھی۔ زمیندار اور

کسان کا تصادم تھا۔ برطانوی حکومت اس بے اطمینانی کو فرقہ وارانہ رنگ دے رہی تھی تا کہ عوام کا ذہن دوسری طرف متوجہ ہو جائے''۔

(ایضاً، صفحہ:323-324)

ہندوستان کی اکثریت کسانوں پر قائم تھی۔ انگریزی عہد میں قابل رحم حالت سب سے زیادہ کسانوں کی تھی جنہیں استحصال کے دریا کی گہرائی میں کچھ اس طرح ڈبو دیا کہ ان کا ابھرنا مشکل نظر آ رہا تھا۔ طرح طرح کے جبر و استبداد سے انہیں بدحال اور قرض دار بنایا جا رہا تھا۔ ان کی زندگی کو ابتر اور بے بس بنا دیا گیا تھا:

''جاگیرداروں، مڈل کلاس لیڈروں ذہن رستوں اور یونیورسٹیوں کے جوشیلے طالب علموں کی دنیا سے الگ ایک اور دنیا تھی جو اصل ہندوستان تھا۔ یہ دنیا آسام اور جنوبی ہند کے چائے کے باغات اور کانپور، بمبئی، کلکتہ، احمد آباد اور ٹاٹا نگر کے کارخانوں میں کام کرنے والے مزدوروں اور سارے ملک کے لاکھوں گاؤں میں رہنے والے کسانوں پر مشتمل تھی۔ کانگریس نے غصے سے زرعی اصلاحات کے لئے ایجی ٹیشن کر رکھا تھا۔ کسانوں کے سلسلے میں برطانوی حکومت نے مختلف صوبوں میں مختلف حکمت عملی اختیار کر رکھی تھی۔ بنگال میں جہاں انھوں نے مسلمانوں سے حکومت چھینی تھی وہاں مسلمانوں کو اقتصادی طور پر بالکل تباہ کر کے ہندوؤں کو ان کی جگہ طاقتور بنایا تھا۔۔۔۔ یوپی جو ہندوستان کا دل تھا اور ملک کی ساری قرون اولیٰ قرون وسطیٰ کی تہذیبوں کا گہوارہ وہیں کا کسان سب سے زیادہ مفلوک الحال تھا۔ کسان جو کانگریس تحریک کی طرف آ رہا تھا۔ سمجھتا تھا کہ سوراج کا مطلب زرعی اصلاحات ہے جب اسے جنم جنم کے ظلم اور قرضے کے بوجھ سے نجات ملے گی''۔

(ایضاً، صفحہ:۱۸۳)

نچلے اور پسماندہ طبقے کی ناداری کے ساتھ ساتھ انسان کی بنیادی ضرورت بھوک مادی حقیقت کے راز کو بھی مصنفہ نے افشا کیا ہے۔ یہ انسان کی ایسی ضرورت ہے جس کے آگے زندگی کا ہر فلسفہ ہر رشتہ، ہر خوشی ہیچ ہے، بھوک کے گرچہ مختلف اقسام ہیں لیکن پیٹ کی بھوک سے توانا کوئی بھی بھوک نہیں۔ اگر پیٹ کی آگ بجھی ہوگی تو انسان ہر خوشی خود بہ خود کسی نہ کسی ذرائع سے ڈھونڈ ہی لے گا:

"بھوک سے انسان پیدا ہوتا ہے۔ عمر بھر اسے بھوک ستاتی ہے۔ محبت کی۔ روٹی کی۔ سکون کی .... مادہ پرست گلشن نے کہا "بھوک اور پیاس ہمارے سب سے بڑے بھوت ہیں میں سب سے پہلے ان بھوتوں سے نجات حاصل کرنا چاہتا ہوں وہ دوسری نجات مجھے آپ سے آپ مل جائے گی"۔ (ایضاً، صفحہ:662)

غرض اس ناول میں سرمایہ دارانہ جبر اور برطانوی آویزش کی پر درد مرقع کشی بھی ملتی ہے۔ گرچہ طبقہ اعلیٰ کی زندگی، ان کے رسم و رواج، اقدار و روایت، خیالات و میلانات پر ان کی بھرپور توجہ ملتی ہے لیکن "آگ کا دریا" ایک ایسا ناول ہے جو کسی خاص طبقے کی زندگی کی عکس ریزی تک محدود نہیں۔ جس طرح ہندوستان مختلف مذاہب اور سماج مختلف طبقات کی زندگی کا ترجمان ہے اس طرح یہ ناول دراصل ہندوستان کی مکمل تاریخ کی داستان ہے جس میں ہندوستانی مٹی کی خوشبو بسی ہے، ہندوستانی زندگی کی روح سمٹ گئی ہے جہاں ہندوستان کے دل کے دھڑکن سنائی دیتی ہے اور ہندوستانیوں کے احساسات کا پورا عکس نظر آتا ہے غرض کہ یہ ناول اپنے دامن میں ہندوستان کی تہذیبی تاریخ کی روداد کو سمیٹے ہوئے انسانی مساوات، بھائی چارگی، اخوت اور قومی یکجہتی کی دستاویز کا درجہ رکھتا ہے۔

افسانہ ''بے حسی'' ایک جائزہ

ڈاکٹر محمد محسن خان
اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اردو
گورنمنٹ گرلس جنرل ڈگری کالج، کلکتہ

Abstract:

'Behisi "is a famous story of Dr Ishrat Betaab. Ishrat Betaab is a renowned short story writer of Urdu literature. He is also known as a critic and research scholar. His first story book 'Thandi Aanch ka Suraj" published in 1988. After that he wrote several story books entitled Rait per uga hua gulab (1988), Besamar e hayaat (1996), Barf mein Chingari (2002), zehn ke band darichon se (2010) and Safar jari hai (2015).

Ishrat Betaab describes women's miseries and problems in society specially poor women in his stories. His most writings encompass reality, romantic and many social facts.

In the story 'Behisi "he describes the social problems of third gender. Society has not accepted the existence of this gender, but this gender extremely loves his community. That is why when the story writer. wrote a story on his community, a group of this gender came to take this story proudly. Story writer was suddenly surprised after looking them in front of his door.

Where this story describes the problems of this class there we can see their love, respect and sympathy in favour of them.

ڈاکٹر عشرت بیتاب اردو افسانوی دنیا میں محتاج تعارف نہیں۔انھوں نے اپنے ادبی سفر کا آغاز افسانہ نگاری سے کیا۔ان کا پہلا افسانہ لاش پر محل ہے جو'' شکیلہ'' ممبئی میں 1968 میں شائع ہوا۔1968 میں ابھرنے والے افسانوی وادبی شوق کی تکمیل مختلف طریقے سے ہوتی رہی۔آج جب ہم ان کے ادبی سرمائے پر نظر ڈالتے ہیں تو خوشی ہوتی ہے کہ انھوں نے افسانے اور تحقیق میں اپنے نقوش ثبت کیے ہیں۔جہاں وہ ایک طرف اچھے افسانہ نگار ہیں وہیں دوسری طرف وہ اچھے محقق بھی ہیں۔اب تک ان کے چھ افسانوی مجموعے ''ٹھنڈی آنچ کا سورج''(1988)،''ریت پر اگا ہوا گلاب''(1992)، بے ثمر حیات(1996)، برف پر چنگاری(2002)، ذہن کے بند دریچوں سے(2010)، اور سفر جاری ہے(2015)، میں شائع ہو چکے ہیں۔ٹھیک اسی طرح ان کی تحقیقی کتابیں'' مغربی بنگال میں اردو افسانے کا سفر(1982)، ابتدا (1990)، بنگال کے افسانوں کا ساٹھ سالہ انتخاب(2008)، بنگال میں اردو افسانے کی پیش رفت(2011)، بنگال میں اردو افسانے 2000 کے بعد(2013) میں معرض وجود میں آئیں۔

عشرت بیتاب کی اصل شناخت افسانہ نگار کی ہے مگر بحیثیت محقق ان کی مذکورہ کتابیں بنگال کے افسانوی ارتقاء اور بدلتے ہوئے افسانوی میلانات اور رجانات کو سمجھنے میں مددگار ثابت ہوئی ہیں۔عشرت بیتاب نے ان اصنافِ ادب میں اپنی تخلیقی جودت اور اختراعی قوت کے ساتھ ساتھ ادبی توازن بھی برقرار رکھا ہے۔تحقیق میں انھوں نے مغربی بنگال کے افسانوی ادب پر خاص توجہ دی ہے۔تحقیق صرف مواد جمع کر لینے اور اسے ترتیب

دے کر پیش کر دینے کا نام نہیں بلکہ اس عمل میں سائنٹفک طریقہء کار کا سہارا لے کر مواد کی حقیقت وصداقت کا تنقیدی تجزیہ بھی کیا جاتا ہے۔عشرت بیتاب نے اس عمل میں اپنی اجتہادی صلاحیت کا ثبوت اس انداز میں دیا ہے کہ ان کی تحقیقی کاوشیں زمانی ترتیب سے انجام پاتی ہیں۔

جہاں تک ان کے افسانے کی بات ہے تو یہاں بھی انھوں نے مشاہدہ ومطالعہ سے کام لیا ہے۔انھوں نے سماجی ومعاشرتی اعتبار سے جو کردار تراشے ہیں ان میں بڑی توانائی ہے۔ان کا کردار حقیقی اور زندہ کردار ہے۔افسانے کا قاری سماج کے پسماندہ اور کمزور طبقے کے دکھ درد اوران کی اضطرابی کیفیت میں شریک ہوجاتا ہے۔کردار کا غم اس کو اپنا غم معلوم ہوتا ہے۔کردار کے انتخاب میں بھی انھوں نے صرف اور صرف اپنی ہمدردی اور انسان دوستی کا ثبوت اس انداز میں دیا کہ انھوں نے تیسری جنس (ہجڑا) کو بھی اپنے افسانے کی زینت بنایا ہے۔ان کے دلی جذبات،خواہشات اور اپنے ہم جنسوں سے محبت کے اچھے نمونے پیش کیے ہیں۔افسانہ ''بے حسی'' میں ہجڑے کے اس جذبے کو دیکھا جا سکتا ہے۔

افسانہ ''بے حسی'' کی ابتدا سسپینس سے ہوتی ہے۔ڈھلتی ہوئی شام اور ریلوے کراسنگ کی خاموشی افسانے میں حیرت کا باعث بنتی ہے۔قاری کی حیرت میں اضافہ اس وقت ہوتا ہے جب افسانہ نگار بھی صرف آواز سنتا ہے۔''میں تیری کہانیوں کی وجہ سے پاگل ہوا ہوں''۔افسانہ نگار افسانے کے بیشتر حصے میں سرگوشی کرتے ہوئے نظر آتا ہے۔اس سرگوشی میں افسانہ نگار کی گرفت قاری پر بہت مضبوط ہے۔افسانے میں دلچسپی اس وقت اور بڑھتی ہے جب افسانہ نگار کو بغور دیکھنے پر متکلم کا صرف ایک ہیولا سا نظر آتا ہے جو گہرے رنگ کا لباس زیب تن کیے ہوئے ہے:

''بے تاب میری اس آ شفتہ سری کی وجہ تیری الٹی سیدھی کہانیاں ہی ہیں۔ میں تیری بے تکی کہانیوں سے ہی اس حال تک پہنچا ہوں۔ تیری کہانیاں پڑھ کر میں حواس باختہ رہا کرتا تھا اور اب مجھے لوگ پاگل کہتے ہیں''

''تم آخر ہو کون؟''

''میں تمہارے افسانے کا ایک ادنیٰ سا قاری ہوں۔''

افسانہ نگار کی ہیجانی کیفیت بڑھتی گئی اور اس کے دل میں طرح طرح کے خیالات آنے لگے۔ اس کا ذہن ''ہوائیں'' سیریل کی طرف منتقل ہو گیا کہ کہیں اس میں بھی کوئی بدروح تو نہیں سما گئی ہے۔ گھبراہٹ کے عالم میں ایسے حالات کا درآنا فطری امر ہے۔

افسانہ نگار نے اپنی اس کیفیت کو زائل کرنے کے لیے سورہ ''یٰسین'' پڑھ کر پانی پر دم کیا اور ایک ہی سانس میں سارا پانی انڈیل لیا۔ تھوڑی دیر کے لیے افسانہ نگار پر غنودگی سی طاری ہوئی۔ پھر کیا تھا، پھر وہی آواز سنائی دی۔ اس نے کہا:

''تم اپنے کردار کو نہیں پہچانتے۔ وہی جسے تم نے کہا تھا۔۔۔۔ یہ تو پگلا ہے''۔

افسانہ کے اس مقام پر دونوں کے مابین جو گفتگو ہوئی اس سے کردار اور افسانہ نگار کے اپنے خیالات پورے طور پر سامنے آتے ہیں۔

کردار نے جب کہا '' ہاں وہی کردار۔۔۔۔۔ جسے تم نے مسخ کر کے چھوڑ دیا تھا''۔ تو اس کے جواب میں افسانہ نگار نے اس کی تردید کی اور کہا کہ میں نے ایک سیکولر کردار بنا کر پیش کیا تھا، اس پر کردار کا جواب:

''یہی تو دکھ ہے کہ تم نے تو دھندو کی دہلیز کے پتے چٹخارنے اور
مسلمانوں کے دسترخوان کے ترنوالے کی لونڈیاں بنا کر رکھ دیا تھا مجھے''۔

یہ جملہ معنویت سے پر ہے۔آج مذہب کے نام پر ہر کوئی اپنی روٹی سینکتے ہوئے نظر آتا ہے۔مذہب کا لیبل کچھ لوگوں کے لیے خطرے کا سامان بن رہا ہے۔آج مذہب کا جنون سر چڑھ کر بول رہا ہے۔انسانیت دم توڑتی ہوئی نظر آرہی ہے۔وہ کردار امر ہونا چاہتا ہے۔گھیسو اور مادھو کی طرح۔سمراٹھ سکندر اعظم یا گوتم بدھ کی طرح،مگر انجام بالآخر موت ہی ہے۔

افسانے کے بطن میں جو سب سے زیادہ متحرک شے ہے وہ ہے کردار کا اپنا وجود۔یہ کردار اپنے وجود کا اعتراف کروانا چاہتا ہے،وہ بھی زندہ رہنا چاہتا ہے۔یہی وجہ ہے کہ افسانہ نگار ذہنی کشمکش میں پڑ جاتا ہے اور اسی پیچ وتاب میں اس کی نیند ٹوٹ جاتی ہے۔

یہ صبح صادق کا وقت ہے۔صبح کی نماز کے بعد افسانہ نگار ذکر واذکار میں مصروف ہوجاتا ہے اور سورج کی کرنیں چاروں طرف بکھر جاتی ہیں۔دریں اثنا دروازے پر کسی نے زور زور سے زنجیر پیٹنی شروع کی اور وقفے وقفے سے بے سر کی آواز بھی لگائے جارہا تھا۔افسانہ نگار نے جب دروازہ کھولا تو اپنے سامنے تیسری جنس کی ایک ٹولی کو پایا۔افسانہ نگار اور ہجڑوں کے درمیان جو گفتگو ہوئی وہ دلچسپی سے خالی نہیں۔ایک طرف کہانی کار کا اکھڑا اکھڑا لہجہ اور دوسری طرف ہجڑوں کی پر جوش اور عقیدت مندانہ گفتگو۔ دیکھئے کچھ جملے:

''رات میری موسی سپنے میں آ کر کہہ رہی تھی کہ تجھ سے مل کر موسی

والی وہ کہانی لے لیں''

''کون موسی والی کہانی''

''ارے وہی کیا اچھا سا نام بتایا تھا موسی نے ''رات سپنے میں'' اور پھر کمر لچکا کر کچھ سوچنے لگی''

''ہاں ہاں۔۔۔۔۔بے نور ان آنکھ''

''بے نور آنکھیں''میں نے اصلاح کی''

ہاں' وہی۔۔۔۔۔تم نے موسی پر اس میں لکھا ہے نا''

''ارے بابا'' ہجڑوں پر میری کئی کہانیاں ہیں لیکن بے نور آنکھیں۔۔۔۔۔بھٹیاوالی کہانی''

''ہاں۔۔۔۔بھٹیا ہی تو میری موسی تھی۔۔۔میرے کل کی سردارنی''

''تم کیا کروگی اسے لے کے''۔

''موسی نے سپنے میں کہا ہے کہ اسے فریم میں چڑھوا کر دیوار میں لٹکانے کو۔۔۔اومیری اماں۔۔۔سنہرے گوٹے میں۔۔۔سج رہی۔۔''

کہانی لے کر وہ لوگ چلی گئیں لیکن میں کھڑا سوچتا رہ گیا۔۔۔کہ انھیں اپنے پرخوں سے کتنی عقیدت ہے۔۔۔اے کاش۔۔۔۔۔۔''

لفظ''اے کاش'' پر کہانی ختم ہوجاتی ہے اور ہمارے وجود کو جھنجھوڑ جاتی ہے۔ہم سوچنے پر مجبور ہوجاتے ہیں کہ ہماری بے حسی کا عالم یہ ہے کہ ہم اپنے اسلاف اور اس کے

کارنامے سے اس قدر بے پرواہو گئے کہ موقع ومحل کی مناسبت سے بھی انھیں یاد نہیں کرتے۔ ہاں کبھی یاد بھی کرتے ہیں تو بے دلی کے ساتھ یاد کھاوے کی خاطر۔ ہمارا ہر عمل تصنع اور تکلفات سے پر ہے۔ ہمارے یہاں خلوص وصداقت کا فقدان ہے۔ یہاں جو چیز قابل توجہ ہے وہ ہے ہجڑوں کا اپنے پرکھوں اور اپنے ہم جنسوں سے بے پناہ محبت کا اظہار کہ اگر ان کے حوالے سے ایک افسانہ بھی لکھا گیا تو وہ اسے اپنا حق سمجھتے ہیں اور اسے حاصل کر کے ہی اطمینان کی سانس لیتے ہیں۔

''بے حسی'' فنی، تکنیکی اور موضوعاتی طور پر کامیاب اور موثر افسانہ ہے۔ یہاں انھوں نے تیسری جنس کی اپنے اسلاف سے بے پناہ عقیدت ومحبت کو ایک حقیقت پسند کہانی کار کی طرح پیش کیا ہے۔ موضوع کے اعتبار سے افسانہ نگار نے زبان وبیان کے برملا اظہار میں فکر وشعور سے کام لیا ہے اور افسانوی فضا کی تشکیل میں لفظیات کے استعمال کا خاص خیال رکھا ہے۔

اس افسانے میں تیسری جنس کی اپنی ذات سے والہانہ محبت اور داخلی اضطراب قاری کے اندر سسپینس پیدا کرتا ہے۔ اس افسانے کا آغاز واختتام قاری کے وجود کو جھنجھوڑتا ہے۔ لہٰذا وہ اپنے دل کے نہاں خانوں میں از سر نو جھانکنے کی کوشش کرتا ہے اور اپنے اسلاف کو مدنظر رکھ کر خود احتسابی کے کرب سے گزرتا ہوا محسوس کرتا ہے۔

ڈاکٹر عشرت بیتاب کئی دہائیوں سے افسانہ نگاری کی دنیا میں سرگرمِ سفر ہیں۔ انھوں نے ہر قسم کے جذبے، مشاہدے، تجربے اور احساسات کو اپنے افسانے کا نہ صرف موضوع بنایا بلکہ فن کو وجدان کا درجہ عطا کر کے اپنے موقف میں کامیاب بھی ہوئے۔

عشرت بیتاب اپنے کرداروں کی نفسیات سے آگاہ ہیں۔ وہ ہر طبقے کے

کرداروں کی نفسیاتی الجھن کا تجزیہ ماہر نفسیات کی طرح کرتے ہوئے نظر آتے ہیں جن سے کردار کی پسند و ناپسند یا اس کی ذہنی پختگی و ناپختگی کا علم ہوتا ہے۔ وہ اپنے تجربات کی روشنی میں اپنے کردار کو خوب سے خوب تر بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان کا یہ عمل ہر افسانوی کرداروں کے ساتھ یکساں ہے۔ ان کے افسانوں میں اصلاح معاشرت کا جذبہ بھی ہوتا ہے اور احتجاجی لے بھی۔ وہ اپنے سماج کے تلخ حقائق کو پیش کرنے سے نہیں چوکتے۔ ان کا کردار فرد اور سماج سے نبرد آزما ہوتا ہے۔ چوں کہ ان کا واسطہ ابتدا ہی سے تند و تلخ حقائق سے رہا ہے اس لیے ان کے افسانے بھی ان کی دلی کیفیات کے ترجمان ہیں۔

عشرت بیتاب ایسے موضوعات کو پیش کرتے ہیں جن پر نگاہ عموماً سبھوں کی پڑتی ہے مگر سوچنے اور منصفانہ رایے کی جرأت نہیں ہوتی۔ عشرت بیتاب نے اس معاملے میں جرأت مندانہ رویہ اختیار کر کے موضوعاتی سطح پر اپنے افسانے کو سماجی و معاشرتی حقائق کا عکاس بنایا ہے ان کے افسانوں میں ایک خاص قسم کی احتجاجی اور طبقاتی بیداری کا احساس ہوتا ہے ان کے افسانے انفرادی کرب سے شروع ہو کر اجتماعی کرب میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔

بنگال میں سلسلہ قادریہ کی آمد اور ان صوفیوں کی ادبی خدمات

ڈاکٹر سید شاہ وصیق الارشاد علی القادری
اسٹیٹ ایڈیڈ کالج ٹیچر، شعبۂ اردو
کلکتہ گرلس کالج، کولکاتا

Abstract:

Bengal has a rich history of cultural and religious diversity. During the Turko-Afghan era, Sufis and scholars settled in Bengal, spreading love and humanity. From the 7th century Hijri, Shaykhs of Hazrat Ghous-ul-Azam's lineage arrived in the Indian subcontinent, promoting Quadiriya teachings. In 1180 AH, Hazrat Abdullah Al-Jili, the fourteenth generation of Hazrat Syyeduna Abdur-Razzaq Al-Quaderi through the lineage of Hazrat Ghous-ul-Azam, came to Mangalkote, West Bengal along with his sons, Hazrat Ghous e Sani Syed Shah Zakir Ali Al-Quaderi and Hazrat Qutb e Bari Syed Shah Roshan Ali Al-Quaderi. Later, his descendants glorified the city of Medinipur: During 188-83, Hazrat Syed Shah Murshed Ali Al-Quaderi, the great-grandson of Hazrat Ghaus e Sani, came to kolkata and established a monastery "Khanquah Sharif e Quaderiya"and a library. He was a prolific poet of Urdu, Arabic and Persian and wrote under the pen-names Aasi and Jamal. His Diwan, "Hirz e Jaan e Arefaan fi Manaqib e Mahbub e Subhan" comprises of 10,000 couplets. His son, Hazrat Syed

Shah Irshad Ali Al-Quaderi, was also a renowned poet and scholar of multiple languages. The Quadiriya order continues to contribute to Bengal's spiritual heritage, promoting love, humanity, and knowledge. This legacy showcase Bengal's tradition of embracing diversity and promoting cultural and literary development.

سرزمین بنگالہ ہمیشہ سے ہی زبان وادب، تہذیب وثقافت، شگفتگی وزیبائی اور گوناگوں افکاروخیالات کا گہوارہ رہی ہے۔اس خطہ کی یہ روایت دیرینہ ہے کہ اس نے ہر رنگ ونسل، مذہب وملت اور زبان وبیان کے لوگوں کو اپنے سینے سے لگایا اور ان کی علمی و ادبی، ملی وثقافتی، روحانی اور ذہنی وفکری شعور کی بالیدگی میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔

یوں تو ۸ ویں صدی ہجری میں ہی عربوں نے بنگال سے اپنے تجارتی تعلقات استوار کر لیے تھے لیکن ۱۲۰۴ء میں بختیار الدین خلجی نے جب بنگالہ پر حملہ کیا تو وزراء اور امراء کے ساتھ ساتھ صوفیائے کرام کی ایک بڑی تعداد نے بنگال کے شہروں اور قصبوں کو اپنا جائے مسکن بنایا اور لوگوں کو حق کی طرف گامزن کیا۔ان لوگوں نے عالم انسانیت کو جہالت و گمراہی، ظلم وجور، وحشت وبربریت اور ذلت وپستی سے نکال کر امن واطمینان، اخوت و مساوات، عدل وانصاف اور عزم ویقین کی دولت سے مالا مال کیا۔سرزمین بنگالہ ہر دور میں صوفیائے کرام اور علمائے عظام کی دینی تحریک کا مرکز رہی ہے لیکن خصوصی طور پر تُرک و افغان عہد میں عظیم المرتبت صوفیائے کرام نے بنگال کی طرف رُخ کیا جن میں شیخ جلال الدین تبریزی، شیخ جلال الدین یمنی، شیخ عبداللہ کرمانی، شیخ شرف الدین ابوتوامہ، شیخ بدر الدین عالم، شیخ مظفر شمس بلخی، اشرف جہانگیر سمنانی اور غوث العالم بہاء الدین زکریا ملتانی کے اسمائے گرامی قابل ذکر ہیں۔علاوہ ازیں اس دور میں اس خطہ مشرق میں سید ناسراج عثمانی، شیخ علاؤ الحق پنڈوی، نور قطب عالم پنڈوی اور شیخ حمید دانشمندی بردوانی جیسے اولیاء

عظام وقابل صد احترام ہستیاں جلوہ افروز ہوئے۔اس سلسلے میں ڈاکٹر جاوید نہال رقم طراز ہیں:

''صوفیائے کرام اور مشائخ نے جس طرح جنوبی ہند اور شمالی میں اپنے مراکز قائم کیے تھے اور لوگوں کو سماجی نا انصافی سے نجات دلائی اسی طرح بنگال کے منگل کوٹ، پنڈوا، مدنی پور، جہانگیر نگر، ڈھاکہ اور میمن سنگھ میں بھی اپنے تبلیغی مراکز قائم کیے تھے۔'' (نقش جاوید از ڈاکٹر جاوید نہال، صفحہ نمبر ۱۲۴، سن اشاعت ۱۹۹۹ء)

ساتویں صدی ہجری کے اوائل سے ہی برصغیر ہند میں حضرت غوث الاعظم شیخ محی الدین عبد القادر جیلانی کے سلسلے کے شیوخ کی آمد کا سلسلہ شروع ہو چکا تھا جو سلسلۂ قادریہ کی تبلیغ اور انسانیت کا پیغام دینے کے لیے کوشاں رہے ان میں سید نور الدین مبارک غزنوی اور حضرت قاضی حمید الدین ناگوری کے اسماء گرامی مشہور و معروف ہیں۔ پھر حضرت غوث الاعظم کی نسل شریف میں حضرت قُمیص قادری (متوفی ۹۹۲ھ مدفون بہ قصبہ سادھورہ ضلع انبالہ مشرقی پنجاب) کی ذات اقدس بہت نمایاں ہے۔ان کے جد امجد حضرت سید تاج الدین محمود قادری رازقی پہلے پہل بغداد سے بنگالہ آخر نواح گوڑ ضلع مالدہ میں مقیم ہوئے اور پھر آپ کا سلسلہ، سلسلۂ قادریہ قُمیصیہ کے نام سے مشہور ہوا۔ پھر اس سلسلے کے ایک اور بزرگ حضرت سید عطا اللہ بغدادی کا بھی ذکر آتا ہے۔ جنہوں نے بغداد سے بنگالے کا سفر کیا اور پنڈوا ضلع ہگلی میں حضرت نور قطب عالم چشتی نظامی (متوفی ۸۵۱ھ) کے پاس حاضر ہوئے اور عرصۂ دراج تک وہیں مقیم رہنے کے بعد قصبہ بہار شریف تشریف لے گئے۔ان کے علاوہ حضرت امیر سید محمد قادری (متوفی ۹۴۰ھ مدفون بہ قربہ امجھر ضلع گیا) بھی سلسلۂ قادریہ کے بزرگ تھے جو بغداد سے روانہ ہو کر پہلے ملتان آئے وہاں سے سریر پور ہوتے ہوئے بہار کے امجھر میں مقیم ہوئے۔ اس زمانے میں بہار کوئی الگ

ریاست نہیں تھی بلکہ بنگال کے ماتحت ہی مانی جاتی تھی۔

حضرت غوث الاعظم کی اولاد گرامی صدیوں تک قادریت کا پیغام لے کر برصغیر ہند میں آتی رہی اور ملک کے مختلف گوشوں میں پھیلتی رہی۔ ہندوستان کا شاید ہی کوئی خطہ ایسا ہو جہاں آپ کی نسل شریف نہ پہنچی ہو۔ اب ہم بنگال میں خاندان قادریۂ عالیہ رزاقیہ کی ایک اہم شاخ کا تذکرہ کریں گے جو سینہ بہ سینہ حضرت غوث الاعظم کے تصرف باطنی سے سرشار ہے جو بغداد سے آکر یہاں آباد ہوئی اور جس نے قادریت کا بڑا ہی منور چراغ روشن کیا اور سارے مشرقی و مغربی بنگال کو منور کیا اور آج تک اس خاندان عالی وقار کا فیض تقسیم ہند کے بعد بھی دونوں بنگالوں میں جاری وساری ہے۔

حضرت غوث الاعظم کے منجھلے شہزادے حضرت سید نا و مولانا عبد الرزاق القادری کی نسل میں پندرویں پشت پر حضرت سیدنا و مولانا عبداللہ الجیلی ہیں جو آج سے تقریباً ڈھائی سو سال پہلے یعنی ۱۱۸۰ھ مطابق ۶۷-۱۷۶۶ء میں حسب ایمائے غیبی برائے رشد و ہدایت اپنے چار شہزادے یعنی حضرت غوث ثانی سید شاہ ذاکر علی القادری، حضرت سید شاہ غلام حسین القادری، حضرت سید شاہ رجب علی القادری، حضرت قطب باری سید شاہ روشن علی القادری اور ایک کم سن پوتے حضرت قطب ربانی سید شاہ طفیل علی القادری اور چند مستورات عالی وقار کو ساتھ لے کر بنگال تشریف لائے اور بردوان ضلع کے موضع منگل کوٹ میں سکونت پذیر ہوئے۔ حضرت سیدنا و مولانا عبداللہ الجیلی چند روز ان اطراف میں رونق افروز رہے پھر اپنے دو شہزادہ گان عالی وقار کو یہاں رکھ کر مع دیگر کے وطن کی طرف مراجعت فرمائی۔ ہندوستان میں اس خاندان عالیشان کے ورود کی تاریخ موضع پٹاس پور ضلع مدنا پور (مغربی بنگال) سے شروع ہوئی ہے۔ اس وقت بنگال کے حجاج اسی راستے سے بندرگاہ تک پہنچتے تھے۔ اس لیے جسٹس سید محبوب مرشد نے اپنی انگریزی

کتاب ''گلستانِ قادری'' میں لکھتے ہیں:

" H e and his party probably landed in Chandbali or some other part in Orissa. On their way to Mangalkote they reached the village of Pataspur in the district of Midnapur. In those days this was on the route to Pilgrimage from Bengal to Mecca." (Gulistan-e-Qaderi by Syed Mahbub Murshid, Pg.28, August-1946)

(گلستان قادری از سید محبوب مرشد، صفحہ نمبر ۲۹ سن اشاعت اگست ۱۹۴۶ء)

اس خاندان کے حلقہ بگوشوں میں بہت سے اہل قلم حضرات نے اپنے پیران سلسلہ کے حالات پر رسالے یا کتابیں لکھی ہیں۔لیکن سبھوں نے ابتداء پٹاس پور سے ہی کی ہے۔

حضرت غوث ثانی سید شاہ ذاکر علی القادری، منگل کوٹ، بردوان ہی کو اپنی تبلیغ کا مرکز بنایا اور وہیں سے مختلف اضلاع مثلاً ہگلی، مرشد آباد، بیربھوم اور مدنا پور وغیرہ تشریف لے گئے اور ان علاقوں میں لوگوں کے دلوں میں ایمان کی شمع روشن کی۔ڈاکٹر محمد یحییٰ تمیزی نے اپنی انگریزی کتاب "Sufi Movement in Eastern India" رقم طراز ہیں:

" Through the efforts of Zakir Ali and other members of his family, the Qadiriya order did great service in Bengal. They had thousands of followers, many of whom noted officials and scholars," (Sufi Movements in Eastern India by

Dr. Mohammad Yahya Tamizi, Pg 80, 1992)

(صوفی موومنٹ ان ایسٹن انڈیا از ڈاکٹر یحییٰ تمیزی، صفحہ نمبر ۸۰، سن اشاعت ۱۹۹۲ء)

لہٰذا اس علاقے میں اس وقت علماء وفضلا کی کثیر تعداد تھی مگر ان میں بیشتر فقر و تصوف کی روحانی حلاوتوں سے بے بہرہ تھے۔ آپ نے پہلی توجہ ان کے دلوں کو روحانی سوز و گداز کی دولت بخشنے کی طرف فرمائی۔ چنانچہ بہت سے علماء آپ کے روحانی فیض سے قادریت کے مبلغ بن گئے۔ آپ نے منگل کوٹ ہی میں ایک خانقاہ کی بنیاد ڈالی اور انتہا ہی سادگی کے ساتھ زندگی گزارتے رہے۔ آپ کا وصال ۸۱ برس کی عمر میں ۱۱۹۲ھ میں ہوا۔ منگل کوٹ ہی میں آپ کا مزار اقدس فیض بخشی ہے۔ حضرت غوث ثانی کے برادر حضرت قطب باری منگل کوٹ سے ضلع پورنیہ (بہار) تشریف لے گئے اور وہیں ۱۱۹۴ھ میں وصال فرمایا۔ آپ کا مزار مبارک موضع شہید گنج، پورنیہ میں مرجع خلائق ہے۔

بعد ازاں حضرت قطب باری کے شہزادے حضرت قطب ربانی نے شہر مدناپور کو رونق بخشی اور وہیں بود و باش اختیار کی۔ جہاں ان کے شہزادے حضرت اعلیٰ حضور سید نامہر علی القادری کی ولادت ہوئی۔ آپ مدناپور میں ہی رہے اور وہاں ایک خانقاہ اور مدرسہ کی بنیاد ڈالی اور نہایت ہی فیاضی کے ساتھ سلسلہ کی خدمت کرتے رہے۔ آپ نے ۱۲۸۵ھ مطابق ۱۸۶۸ء میں اس دارِفانی سے رحلت فرمائی۔ اس کے بعد آپ کے شہزادے حضرت حضور پورنور سید شاہ مرشد علی القادری نے جذبۂ تبلیغ کے ماتحت شہر مدناپور کی اقامت ترک کی اور ۸۳-۱۸۸۲ء میں اس وقت کا دارالسلطنت ہند یعنی کلکتہ آ کر اس مرکزی شہر کو اپنا مستقر بنایا اور مستقلاً کلکتہ کی بود و باش اختیار فرمائی۔ آپ نے یہاں ایک خانقاہ کی بنیاد ڈالی اور اس کے ساتھ ساتھ ایک کتب خانہ بھی بنوایا جہاں عربی، فارسی اور اردو کی نادر کتابوں اور قلمی

نسخوں کو جمع کیا بہت سے مخطوطات آپ نے خدابخش لائبریری پٹنہ اور رام پور رضا لائبریری سے نقل کروائے تھے۔آپ نے اپنے زبردست روحانی تاثرات اور بلند کردار سے ہزاروں لوگوں کو حق کی طرف متوجہ کیا اور ان کے قلوب کو حلاوت ایمانی اور ذوقِ عرفانی کی لذت بخشی۔انگریزی سرکار نے بعدازاں آپ کی خانقاہ کی مناسبت سے راستے کا نام ''خانقاہ شریف لین'' رکھ دیا جو آج بھی خانقاہ شریف لین کے نام سے ہی واقع ہے۔اس خانقاہ میں آپ ۲۷ رشوال ۱۳۱۸ھ مطابق ۱۷ رفروری ۱۹۰۱ء کو ۲ بجے شب وصال فرمایا۔ نمازِ جنازہ آپ کی وصیت کے مطابق مولانا ابوالکلام آزاد کے والد حضرت مولانا خیرالدین نے پڑھائی۔مزار پور نور مدنا پور میں واقع ہے۔

حضرت حضور پور نور سید شاہ مرشد علی القادری اردو، فارسی اور عربی زبان میں خاصی دست گاہ رکھتے تھے۔اردو میں پوری فنی و علمی بصیرت کے ساتھ شعر کہا کرتے تھے۔ آپ نے اپنا تخلص عاصی و جمال استعمال کیا ہے آپ کا اردو میں مکمل دیوان ہے جس کا عنوان ''حرز جان عارفاں فی مناقب محبوب سبحاں'' ہے یعنی یہ مناقب حضرت غوث الاعظم پر مبنی ہے جو مکمل عارفانہ وصوفیانہ شاعری پر مشتمل ہے۔جس میں تقریباً دس ہزار اشعار شامل ہیں اور یہ دیوان ۱۳۱۹ھ میں آپ کے وصال کے بعد آپ کے فرزند ارجمند نے شائع کروایا تھا۔

بنارس ہندو یونیورسٹی کی لیکچرار ڈاکٹر سوبھارانی باسو نے اپنی کتاب "Modern Indian Mysticism - A comparative & critical study" میں آپ کی زندگی و شاعری پر مستقل باب بعنوان ''حضور مہاراج'' قائم کیا ہے جس میں آپ کی شاعری کے بارے میں وہ لکھتی ہیں :

"The collection of these deeply religious poems is

accepted as a very valuable and interesting work shedding light on the doctrines of sufism or Islamic mysticism."

(Modern Indian Mysticism by Dr.Subharani Basu Vol-II Pg. 412, 1974)

(موڈرن انڈین میسٹیسزم از ڈاکٹر سوبھارانی باسو، جلد- ۲، صفحہ نمبر ۴۱۲، سن اشاعت ۱۹۷۴)

آپ نے حمد، نعت، مناقب یا مضامین تصوف کے سوا اور کوئی مضمون اپنے اشعار میں نہیں باندھا ہے۔ اصول شاعری کی تمام تر خوبیاں آپ کے کلام میں ملتی ہیں۔ برجستہ تشبیہات دلچسپ استعارات اور انواع واقسام کی تجنسیات کو آپ نے بڑی خوبی سے ادا کیا ہے جس میں تکلف وتصنع کی بو تک نہیں آنے پائی ہے۔ آپ کی طبیعت میں اس قدر آمد تھی کہ ایک ایک غزل پچاس پچاس اور ساٹھ ساٹھ اشعار کی ہوتی تھی جس میں حسن مطلع کے اشعار دس دس اور بارہ بارہ ہوتے تھے چند اشعار ملاحظہ فرمائیں:

اس کے در پر مورہی کا رتبہ حاصل ہو مجھے
میں بنوں اپنے زمانے کا سلیماں یا خدا

شیریں جو عیسیٰ لب جاناں کا نام تھا
پڑ جاتی کیوں نہ سنکے تن کوہکن میں روح

مر کے پیدا بھی ہو بہزاد تو نقشہ نہ کیجیے
ثانی ان کا تو کہیں خلق میں پیدا نہ ہوا

صدائے نامِ محی الدین سے مردے ہم جِلاتے ہیں
سنادے اے اجل جا کر یہ مژدہ ابنِ مریم کو

آپ نے اردو شاعری کی بعض زمینیں خود ایجاد کی ہیں جیسے روح یا برزخ وغیرہ۔ ان زمینوں پر آپ کو قدرت حاصل تھی اور بے تکلفی کے ساتھ شعر کہا کرتے تھے۔ مثال کے طور پر چند اشعار ملاحظہ فرمائیں:

ہر دم رواں ہے خدمت غوث زمن میں روح
وہ جان آ کے بن گئے میرے بدن میں روح

مر کے بسینگے روضۂ رشک جناں میں ہم
بعد فنا رہے گی نہ گور و کفن میں روح

کیوں بے قرار ہے قفس تن میں اس قدر
ہے چند روز اب ترا یاں پر قیام روح

بناتی ہے ہمیں ہم چشم موسیٰ پیر کی برزخ
دکھاتی ہے جمال حق تعالیٰ پیر کی برزخ

نتیجہ قرب حق ہے اور مرشد برزخ کبریٰ
ہوئی کبریٰ سے پھر یہ شکل صغریٰ پیر کی برزخ

اسی پردے میں اس پردہ نشیں کی اک جھلک دیکھوں
گرادے آنکھوں پر غفلت کا پردا پیر کی برزخ

آپ کو رندانہ غزل گوئی سے سخت نفرت تھی اس لیے کہ آپ کا عشق صرف اور صرف خدا اور محبوبِ خدا سے وابستہ تھا یہ ایسا عشق تھا جس کے لیے عارفانِ خدا سالہا سال جنگلوں میں، پہاڑوں میں گھومتے پھرتے ہیں۔ اپنے محبوب حقیقی کی تلاش میں سر دھنتے ہیں تب جا کے کہیں انہیں خدا کے عرفان کا پتہ چلتا ہے، خدا کی ولا نصیب ہوتی ہے لہٰذا آپ خود فرماتے ہیں:

نفرت ہے غزل گوئی رندانہ سے ورنہ
کچھ عجز طبیعت نہیں اس مدح سرا کا

عشق حقیقی اور فنا و بقا کے عنوان سے چند اشعار پیش خدمت ہے :

راہ اخلاص کی لے پیروی شیطان چھوڑ
طاعت حق بھی کر اے نفس لعیں تھوڑی سی

بقا مطلق نہ ہستی میں رہے باقی عطا یوں ہو
فنا ثم الفنا یا غوث محی الدین جیلانی

وحدت ہوئی مقید کثرت جو مطلقاً
مطلق تھی قید ہو گئی آ کر بدن میں روح

دل اب زندہ ہوا یا غوث محی الدین جیلانی
مرے نفس و ہوا یا غوث محی الدین جیلانی

رہے یاد خدا یا غوث محی الدین جیلانی
بھلا دو ما سوا یا غوث محی الدین جیلانی

آپ نے پوری زندگی میں کبھی کسی کو اپنا کلام پڑھ کر نہیں سنایا۔ شعر وضع کرتے اور رکھ لیتے۔ اکثر شاعروں کو دیکھا گیا ہے کہ شعر نظم کرتے وقت گنگناتے رہتے ہیں لیکن آپ نے کبھی ایسا نہیں کیا بلکہ تسبیح پڑھتے رہتے تھے اور درمیان میں پانچ پانچ چھ چھ اشعار ایک ساتھ لکھ ڈالتے تھے اس طرح اتنی بڑی بڑی غزلیں پوری ہو جاتی تھیں۔

آپ کی شاعری میں معرفت الٰہی کے رموز سراپا ملتے ہیں اور اردو شاعری کی کوئی بھی ایسی صنعت نہیں جو آپ کی غزلوں میں نہ ملے۔ ان غزلوں میں محاوروں کا استعمال، ندرت بیاں، تازگی و شگفتگی و دلکشی خصوصیت کے ساتھ پائی جاتی ہیں۔ آپ اپنے جد اعلیٰ حضرت غوث الاعظم ہر فنا تھے ان کے پرتو کامل تھے ان سے بے پناہ عقیدت و محبت رکھتے تھے لہٰذا آپ کی غزلوں کے ہر شعر میں جذبات، عقیدت و احترام امنڈت آئے ہیں۔ حدیث، تفسیر، فلسفہ، منطق اور دوسرے علوم دینی و دنیاوی پر بھی آپ کی گہری نظر تھی جس کا اثر آپ کے اشعار میں بھی ملتا ہے۔ آپ نے بہ حسن و خوبی قرآن و حدیث کا حوالہ دیا ہے اور اپنے اشعار کو فلسفہ کی معراج تک پہنچا دیا ہے۔ نمونے کے طور پر اس قبیل کے چند اشعار ملاحظہ فرمائیں:

قرآں کی قسم یاد مجھے آتی ہے وہ زلف
پڑھتا ہوں جو واللیل کی تفسیر کسی وقت

ہے رگ گردن سے بھی نزدیک کیوں جاتا ہے دور
قاصد دل نحن اقرب ہے نشان کوئے دوست

ازل سے پی کے جام لاسموتوں اولیاء آئے
رہیں گے تا ابد عمر ان کی عمر لایزالی ہے

عرش پر ٹوپی اچھالے گا ترا شیدائے مست
روضۂ انور کی جانب جب اچھلتا جائے گا

شوق کی گرمی میں پنکھا اپنی آہ سرد سے
زائیران روضۂ اقدس کو جھلتا جائے گا

حمد گوئی سے دل آئینہ بنا نام خدا
بولتا ہے آج کیا طوطی مرا نام خدا

ڈاکٹر جاوید نہال نے اپنی کتاب ''انیسویں صدی میں بنگال کا اردو ادب'' میں آپ کی شاعری پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:

''ان کی عارفانہ غزلوں سے ان کے ایک اچھے غزل گو شاعر ہونے کا نشان ملتا ہے، ان کا کلام صوفیانہ شاعری میں ایک اضافہ ہے۔'' (بنگال کا اردو ادب انیسویں صدی میں از ڈاکٹر جاوید نہال، صفحہ نمبر ۲۸۹، سن اشاعت ۱۹۸۴ء)

حضرت حضور پورنور کے وصال کے بعد ان کے شہزادۂ گرامی حضرت غوث زمانہ سید شاہ ارشاد علی القادری نے بھی اس سلسلے کی تبلیغ بڑے ہی انہماک سے کیا ہے۔ آپ کی ولادت ۳؍محرم الحرام ۱۳۰۱ھ مطابق ۴؍دسمبر ۱۸۸۳ء میں ۵۱، تالتلہ لین، کولکاتا-۱۶ میں ہوئی۔ ۷۱؍سال کی عمر شریف تک اس خانقاہ کی روایت کو آب و تاب کے ساتھ ظاہر کرتے رہے۔ آپ کی ذات اقدس سے سلسلۂ قادریہ کی مغربی و مشرقی بنگال میں بہت بڑی اشاعت ہوئی۔ آپ کا وصال ۲۱؍جمادی الاوّل ۱۳۷۲ھ مطابق ۶؍فروری ۱۹۵۳ء کو کلکتہ میں ہوا۔ آپ کو بھی اردو، فارسی اور عربی زبانوں پر عبور حاصل تھا۔ آپ ایک فصیح و بلیغ شاعر تھے اور جمیل تخلص کرتے تھے اور اردو اور فارسی دونوں زبانوں میں پوری فنی

مہارت کے ساتھ شعر کہا کرتے تھے۔ آپ کو اہل بیعت اور حضرت غوث الاعظم سے بے پناہ محبت وعقیدت تھی ۔ آپ نے اردو اور فارسی میں ہزاروں کی تعداد میں نعتیہ غزلیں، منقبتیں اور نوحے کہے ہیں جو مخطوطات کی شکل میں موجود ہیں۔

طوطیِ بنگالہ، غالب ثانی رضا علی وحشت نے آپ کی مدح میں یوں کہا تھا:

میں حضرت جمیل کا وحشت ہوں معتقد
جن کی کمک پہ آٹھ پہر غوث پاک ہیں

آپ کے اشعار شگفتگی، سلاست اور متانت تخیل کے ساتھ ساتھ رموز وتصوف کے شاہ کار بن گئے ہیں چند اشعار ملاحظہ ہوں:

خدا کا عرش ہے لاریب کاشانہ محمد کا
بلاشک نظم قرآنی ہے افسانہ محمد کا

مجھے کیا وادیٔ ایمن سے مطلب طور سینا سے
کہ ہے قلب حزیں میرا جلوخانہ محمد کا

ہوں قطرہ مگر مجھ کو حقارت سے نہ دیکھو
اس قطرے کو کیا دامن دریا نہ ملے گا

شیدائے عنایات تو مل جائیں گے تم کو
عاشق کوئی انداز ستم کا نہ ملے گا

پروفیسر ڈاکٹر خراسانی نے آپ کی شاعری پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں :

" In the entire range of devotional poetry of Arabic, Persian and Urdu his compositions are truly unique" (Syedona Huzur Pak by Dr. S. S. M. A. Khorasani Pg. 18,1986)

(سیدنا حضور پاک از ڈاکٹر ایس-ایس-ایم-اے خرامانی، صفحہ نمبر ۱۸، سن اشاعت ۱۹۸۶ء)

سالکان طریقت کا مقصد اپنے رہبر ومحبوب تک پہنچنا اور خود کو حب الٰہی کی رہنمائی اور ذات واجب الوجود کی قربت میں پہنچانا ہوتا ہے۔ حضرت غوث زمانہ نے بھی انہیں خیالات کا اظہار اپنے کلام میں کچھ اس طرح کیا ہے کہ جس سے ان کے دل ودماغ کی وارفتگی نمایاں ہوجاتی ہے۔ پاکیزہ جذبات، سنجیدہ رجحانات، بلند خیالات ان کی شاعری کا طرۂ امتیاز ہے یہی وہ خصوصیت ہے جس کے سہارے شاعر راہ طلب میں سالہا سال کی مشق وریاضت کے بعد عشق حقیقی کی روحانی لذتوں سے آشنا ہوتا ہے۔ چند اشعار ملاحظہ فرمائیں:

مٹ کر کسی کی راہ میں امید بڑھ گئی
راہِ وفا میں اور مٹاتے تو خوب تھا

دل کو نہیں قرار وسکون وشکیب آج
خالی مکاں ہے آپ جو آتے تو خوب تھا

ہے خلقت خلاق پہ احسان محمد
ارفع ہے بہت مرتبہ وشان محمد

صد شکر جمیل اپنا ہے دل شوق سے لبریز
یعنی کہ دل و جاں سے ہوں قربان محمد

یہ حقیقت ہے کہ ہمارا ملک اور خاص طور پر سرزمین بنگال اخوت و بھائی چارگی کی آماجگاہ ہمیشہ رہی ہے جہاں رشی منیوں اور صوفی سنتوں کو پھلنے پھولنے کا موقع ملا ہے۔ مسلک صوفیہ عالم انسانیت کے لیے ایک عظیم تحفہ اور سرمایہ ہے ساتھ ہی حیات و زیست کا ایسا معجزانہ ارمغان ہے جو معاشرت انسانی میں عدل و انصاف، اخلاق و کردار، الفت و محبت اور عزم و یقین کی روح پھونکتی رہے گی۔ شاید اسی وجہ سے مفکر اسلام سر ڈاکٹر علامہ اقبال نے کہا تھا:

نہ پوچھو ان خرقہ پوشوں کی ارادت ہو تو دیکھ ان کو
ید بیضا لیے بیٹھے ہیں اپنی آستینوں میں

خواجہ احمد عباس کی صحافتی زندگی

ڈاکٹر نگہت پروین
سابق گیسٹ لیچرر، شعبۂ اردو
گورنمنٹ گرلس جنرل ڈگری کالج، کولکاتا

Abstract:

The name of Khawaja Ahmed Abbas in Urdu literature needs no introduction. He was an important pillar in progressive movement and a multitalented person who left his deep imprints on almost all genres of Urdu prose.

As a fiction writer, novelist, dramatist he has established his identity as an authority and left his deep impressions in the filed of journalism.

He was inclined towards journalism right from childhood he astonished his elders by publishing a handy / manual journal and at an early age of fourteen.

He moved to Delhi with his father during his college vacation where Abbas began his career as a journalist at the "National Call," a New Delhi-based newspaper. At the "National call," Abbas was entrusted with the responsibility of reporting and editing a responsibility he exercised in a very good and honest manner. He used to work twelve hours a day for this newspaper. Even though he did not get any payment for this job but he did this to get good experience of journalism.

During his LLB studies he published his English weekly The Aligarh Opinion "which was an instant hit. After completing his Law studies, instead of making advocacy a profession he went on to Delhi and joined The Bombay Chronicle in 1935 as a political correspondent and later became a film critic for the newspaper and started a weekly column called "Last Page."

In 1947, the publication of "The Bombay Chronicle " closed and then he got attached with "Biltz." He wrote the last page in Biltz which quickly became familiar in public. Such was the craze that people used to became impatient and eagerly waited for his columns.

A few years later, Urdu and Hindi editions of "Blitz" were also released. In the Urdu edition, he started writing columns in the last page under the name "Azad Qalam." The "Azad Qalam" is considered the lifeline of the Blitz. In the beginning, people thought that Azad Qalam is only a translation of last page from the English version of the newspaper, but it was indeed a standalone piece of work for Urdu version only. There was a difference between the two in terms of theme and content.

Azad Qalam had a distinct identity in the world of Urdu journalism. It would be not wrong to say that Urdu journalism was given a new tone by Khwaja Ahmed Abbas through "Azad Qalam"

Undoubtedly, Abbas started a new era in Urdu journalism and never allowed the boldness of his pen to be forced.

اردو ادب میں خواجہ احمد عباس کا نام محتاج تعارف نہیں وہ اردو زبان و ادب خصوصاً ترقی پسند ادب کے ایک اہم ستون ہیں وہ ایک کثیر اجہات شخص تھے جنہوں نے اردو کی نثری ادب میں تقریباً تمام اصناف پر اپنے گہرے نقوش چھوڑے ہیں۔

بحیثیت افسانہ نگار، ناول نگار، ڈرامہ نگار اپنی پہچان کو مستحکم کی ہے مگر ایک اور میدان صحافت کا ہے جس پر ان کا نقش بڑا گہرا ہے۔ صحافت وہ میدان ہے جس سے ان کی دلچسپی بچپن میں ہی شروع ہوگئی جب انہوں نے محض 14 سال کی عمر میں ایک دستی اخبار نکال کر اپنے بزرگوں کو چونکا دیا۔

1933 میں خواجہ احمد عباس نے بی-اے کا امتحان فرسٹ دویژن پاس کیا اور اپنے والد کی خواہش پر ایل-ایل-بی لا کالج علی گڑھ میں داخلہ لیا۔ بی-اے اور ایل-ایل-بی کے بیچ کا وقفہ خواجہ احمد عباس کی صحافتی تربیت کا دور تھا یہی سے انہوں نے صحافت کے میدان میں قدم رکھا۔

کالج کی تعطیل کے دوران وہ اپنے والد کے پاس دہلی چلے گئے اس وقت دہلی میں دو قوم پرست اخبار ''ہندوستان ٹائمز'' اور ''نیشنل کال'' نکلتا تھا۔ خواجہ احمد عباس ''نیشنل کال'' سے منسلک ہوگئے جس کے ایڈیٹر جے۔ این ساہنی تھے۔ ''نیشنل کال'' میں خواجہ صاحب کو رپورٹنگ اور ادارت کی ذمہ داری سونپی گئی جنہیں انہوں نے بخوبی انجام دیا۔ وہ روزانہ 12 گھنٹے کام کرتے تھے وہ خود اپنی خودنوشت سوانح عمری 'I am not Island'' میں اس کا تذکرہ کرتے ہیں کہ وہ صبح وشام ہر ہاسٹل، تھانہ اور بہت سے جگہوں سے رپورٹ لیکر شام سے آدھی رات تک ایڈیٹنگ کر کے اشاعت کے لئے دیتے تھے۔ یعنی ان کو جو خبریں موصول ہوتی تھی انہیں کاٹنا چھاٹنا اور انہیں اشاعت کے لائق بنانا انہیں کی ذمہ داری تھی چونکہ ان کا گھر ''نیشنل کال'' کے دفتر سے قریب تھا

انہیں زیادہ پریشانی نہیں اٹھانی پڑتی تھیں حالانکہ اس کام کے لیے انہیں کوئی معاوضہ بھی نہیں ملتا تھا۔ وہ بغیر تین مہینے اس اخبار میں محنت کئے۔ اس کام کے لئے انہیں کوئی معاوضہ تونہیں ملا مگر صحافت کا پکا تجربہ انہیں حاصل ہو گیا۔

ایل-ایل-بی کے مطالعہ کے دوران اپنا انگریزی ہفتہ وار اخبار'' علی گڑھ اوپینین'' "The Aligarh Opinion" جاری کیا جو بہت جلد مقبول ہو گیا۔ اس وقت اس رسالہ کی قیمت فی پرچہ 2 روپیہ اور سالانہ 100 روپیئے تھی حالانکہ اس وقت علی گڑھ یونیورسٹی سے علیگڑھ میگزین شائع ہوتا تھا وہ اس کے ایڈیٹر نہ بن سکے اس لئے انہوں نے اپنا ذاتی اخبار نکالا۔

خواجہ احمد اعباس نے جب وکالت کا امتحان پاس کر لیا ان کے والد کی خواہش تھی کہ خواجہ صاحب وکالت کو پیشے کے طور پر اختیار کرے اور ایک اچھے وکیل ہے مگر خواجہ احمد عباس کو صحافت سے اس قدر دلچسپی تھی کہ وہ اپنے والد کی خواہش کو پورا نہ کر سکے اور ممبئ چلے گئے اس وعدے کے ساتھ کہ اگر تین مہینے میں صحافت کے میدان میں قدم نہ جما سکے تو واپس آ کر صحافت شروع کر دینگے۔

ممبئ میں انہوں نے ایک انگریزی اخبار ''بامبے کرانیکل'' میں بحشیت رپورٹر ملازمت اختیار کر لی۔ اس وقت ''بامبے کرانیکل'' جنوبی ہندوستان کا اکلوتا اخبار تھا۔ جو انگریزی زبان سے تعلق رکھنے کے باوجود ہندوستانی تہذیب وتمدن کی عکاسی کرتا تھا خواجہ احمد عباس کو یہاں 20 روپے ماہانہ ملتا تھا۔ مگر ان کی محنت کو دیکھ کر تین مہینے میں ان کی تنخواہ 50 روپئے کر دی گئی۔

خواجہ احمد عباس ''بامبے کرانیکل'' میں بحشیت رپوڑٹر تھے بعد میں فلمی نقاد کی

حیثیت سے اسی اخبار میں سنڈے ایڈیشن کے فلمی تبصرے لکھنے لگے۔ یہ تبصرے اتنے تلخ آمیز ہوتے تھے کہ فلم پروڈیوسروں میں ایک کہرام مچ گیا۔ چنانچہ فلم سازوں نے ''بامبے کرانیکل'' کے ایڈیٹر کو صاف لفظوں میں یہ کہہ دیا کہ اگر خواجہ احمد عباس سے فلمی تبصرے لکھوانہ بند نہیں کروائے تو ''بامبے کرانیکل'' کو اشتہار دینا بند کر دینگے۔ فلم سازوں کی دھمکی سے اخبار کے ایڈیٹر نے ایک دوسرے رپورٹر کو فلمی تبصرے لکھنے کے لئے مقرر کیا اور عباس کو ''سنڈے ایڈیشن'' کا انچارج بنا دیا گیا۔ خواجہ احمد عباس ''سنڈے ایڈیشن'' کے آخری صفحہ میں Last page کے نام سے سیاسی اور اقتصادی تبصرے لکھنے لگے۔

1947 میں ''بامبے کرانیکل'' کی اشاعت بند ہوگئی تو خواجہ احمد عباس ہفت روزہ ''بلٹز'' "Blitz" سے وابستہ ہو گئے جس کے ایڈیٹر آر کے کرنجیا تھے۔ انہوں نے عباس کو بلٹز کے لئے بھی آخری صفحہ Last page لکھنے کو کہا۔ خواجہ احمد عباس بلٹز میں بھی Last page لکھنا شروع کیے۔ بہت جلد یہ کالم مقبول ہو گیا۔ لوگ بے صبری سے کالم کا انتظار کرنے گئے۔ خواجہ احمد عباس تاحیات بلٹز میں Last page کے آخری صفحہ کے نام سے لکھتے رہے انہوں نے خود اس کے بارے میں لکھا ہے:

> ''مرتے دم تک یہی لکھنے اور کرنے کا ارادہ ہے اگر زندگی نے وفا کی تو میرا خیال ہے کہ دفعتاً مرنے کی وجہ سے لاسٹ پیز لکھ کر مروں گا تا کہ اس کی سرخی ہو Last page اور ایسی ہی اس کی سرخی ہو''

۱۹۶۲ء میں ہندی کا بلٹز ایڈیشن نکلنا شروع ہوا اور ۱۹۶۳ء میں اردو میں بھی جاری ہو گیا۔ خواجہ احمد عباس اس میں بھی آزاد قلم کے عنوان سے Last page میں لکھنے لگے ایڈیٹر کے اس معاہدہ کے ساتھ کہ جو مضمون وہ لکھے اس میں کانٹ چھانٹ نہ ہو بلکہ من عن ویسے ہی شائع کر دیا جائے بہت جلد آزاد قلم کے کالم مشہور ہو گئے اور قارئین اس کا

بے صبری سے انتظار کرنے لگے بلکہ آزاد قلم کو بلٹز کی جان سمجھا جانے لگا اور حد تو یہ ہوا کہ بلٹز کے قارئین آزاد قلم کے کالم پڑھنے کے لئے آخری صفحہ سے پڑھنا شروع کرتے تھے کیونکہ آزاد قلم آخری صفحہ پر ہوتا تھا۔ آزاد قلم کا تذکرہ فکر تونسوی اپنے ایک مضمون میں اس طرح سے ذکر کرتے ہیں:

''بمبئی کے ہفتہ وار بلٹز کو قارئین اس وقت تک ادھورا سمجھتے ہیں جب تک کہ ان کا آخری صفحہ کا کالم ''آزاد قلم'' موجود نہ ہو اور خواجہ صاحب خود اپنے آپ کو ادھورا سمجھتے ہیں جب تک کہ وہ آزاد قلم لکھ کر قارئین کو پیش نہ کرتے، پانی کی قلت ہو یا ہندو مسلم فسادات، حاکموں کی آمرانہ ڈپلومیاں ہو یا گولی لاٹھی پر دار جمہوریت ہو۔ خواجہ صاحب کی سوشلسٹ روح ان کے کالم میں عوام کا درد بن کر تڑپاتی اور ٹرپانے کی کیفیت کالم میں اس خیال سے پیدا ہو جاتی کیونکہ کالم نگار کے خیالات کسی سے خوف زدہ نہیں ہوتے''

اردو صحافت کی دنیا میں ''آزاد قلم'' کی اپنی ایک الگ پہچان ہے۔ خواجہ احمد عباس آزاد قلم کے ذریعہ اردو صحافت کو ایک نیا لب ولہجہ عطا کیا۔ شروعات میں لوگ یہ سمجھتے تھے کہ آزاد قلم Last page کا ترجمہ ہے مگر ایسا نہیں تھا Last page میں سیاسی، معاشرتی، ہندوستانی تہذیب اور بین الاقوامی مسائل کی عکاسی ہوتی تھی جبکہ آزاد قلم زیادہ تر ملک کی سیاسی سماجی الجھنوں کے بارے میں ہوتا تھا۔ دونوں میں کافی فرق تھا مواد کے اعتبار سے بھی اور تھیم کے اعتبار سے بھی۔ دونوں کا ایک دوسرے سے کوئی سروکار نہیں تھا۔

آزاد قلم کے موضوعات کا دائرہ بے حد وسیع تھا اس میں ملک میں ہونے والے عدم مساوات، بھوک وافلاس، مذہبی رواداری، فرقہ وارانہ فسادات، ذات پات کا مسلۂ، قحط دہشت گردی، حکومت پر طنز، علاقائی جھگڑے، چھوٹ چھات کا مسلۂ، عورتوں کے

حقوق اوران جیسے ہزاروں مسائل پر اپنے بے باک قلم اٹھا کر صفحہ قرطاس پر بکھیر دیا اور اہل وطن کوان موضوعات پر غور وفکر کی دعوت دی۔

خواجہ احمد عباس فرقہ پرستی پر بار بار لکھتے تھے اور اپنے اہل وطن کو یہ سمجھانے کی کوشش کرتے تھے کہ فرقہ پرستی ختم نہیں ہوئی تو وہ ایک دن ہندوستان کو کھوکھلا کر دے گی۔ اپنے ایک کالم لکھتے ہیں:

''میں نہ ہندو کو برا کہہ رہا ہوں اور نہ مسلمانوں کی حمایت کر رہا ہوں، میں اس زہریلی فرقہ پرستی کی مذمت کر رہا ہوں جو کسی چہرے پر داڑھی لگا کر آتی ہے کبھی سر پر چوٹی لگا کر، کبھی مسلم لیگ اور جماعت اسلامی کے نام پر مسلمانوں کو ورغلاتی ہے، کبھی جن سنگھ اور ہندو مہا سبھا کے نام پر ہندوؤں کو بہکاتی ہے۔ یہ وہی زہریلی ذہنیت ہے جس نے ہندوؤں اور مسلمانوں کا خون کیا''

انہوں نے آزاد قلم میں ملک اپنے ملک کے سیاسی سماجی رہنماؤں، شاعروں اور ادیبوں کے انتقال پر انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ اردو کے معروف نقاد سید احتشام حسین کے انتقال پر اس طرح سے عقیدت کا نذرانہ پیش کرتے ہیں لکھتے ہیں:

''جب کوئی ادیب، کوئی نقاد کوئی شاعر مرتا ہے تو اس کا افسوس اس کے رشتہ داروں اور دوستوں کو ہی نہیں پوری زبان کے پڑھنے والوں کو ہوتا ہے اور جب مرنے والا سید احتشام حسین مرحوم جیسے پایہ کا ادیب اور نقاد ہو تو ایک زبان بیوہ ہو جاتی ہے ایک ادب یتیم ہو جاتا ہے اور ہزاروں لاکھوں اردو پڑھنے والے اردو سے پیار کرنے والا اس کے ماتم میں شریک ہو جاتا ہے''۔

اس طرح کے بہت سے مسائل اور موضوعات آزاد قلم کے کالم میں ہمیں پڑھنے

کو مل جائیں گئیں۔ وہ ''آزاد قلم'' میں طنز سے بھی کام لیتے تھے ان کی طنز اتنا زبردست ہوتا کہ لوگ تلملا اٹھتے۔ گرچہ ان کا مقصد یہ ہوتا تھا کہ اپنے کالم کے ذریعہ لوگوں کو بیدار کرے۔

بلاشبہ خواجہ احمد عباس اردو صحافت کو ایک نئی سمت عطا کی اپنے قلم کی بے باکی کو کبھی بھی مجبور نہیں ہونے دیا اور اسے نئی بلندیوں سے ہمکنار کیا۔

مجنوں گورکھپوریؔ اور ان کے افسانوں میں رومانیت کا تصور

ڈاکٹر زاہدہ پروین
اسٹیٹ ایڈیڈ کالج ٹیچر، شعبۂ اردو
بی۔سی۔کالج۔آسنسول

Abstract:

When Urdu Fiction writing was in its initial stages, at that time the impact of Romanticism was very big on literary scene of India. The influence of the subtle sentiments of romanticism was seen directly on Urdu fiction.

Many Romantic Fiction writers appeared. Among them, Majnu Gorakhpuri's name deserves to be written with golden letters. He is such a figure in the history of Urdu fiction writing, who was influenced by Western literature and played an important role in bringing its thoughts and ideas to East. Majnu Gorakhpuri was very much influenced by English fiction writer Thomas Hardi.

The study of Majnoo Gorakhpuri's fictions reveals that the atmosphere of his fictions is filled with sorrow and pain. He brought a new style with help of these elements. His stories are also filled with feelings of love and affection. Apart from love, literature, aesthetics, philosophy and psychology are also seen in the stories of Majnu Gorakhpuri. Majnu Sahib was the owner of a revolutionary mind set. He wanted a change in the structure of life and society.

Majnu has made a successful attempt to clash with the cruel and oppressive forces of the times by using the Romantic imagination. With the help of sentimentality and intuition, he introduced the reader to such a delusional universe that had nothing to do with our world. In the beautiful valley of this imaginary place, the restless mind gets peace, and by immersing itself in its splendor and beauty, it closes its eyes from the disturbing environment.

اردو ادب پر مغربی ادب کا زیر بار احسان ہے کہ اس میں صنف افسانہ نگاری کا جھلملاتا ستارہ نمودگی کے ساتھ داخل ہوا، اور اردو ادب کا یہ نمایاں وصف ہے کہ اس میں داخل ہونے والے اس ستارے کو اپنی روشنی عطا کر کے اور بھی زیادہ چمکدار بنا دیا۔ بیسویں صدی کے اوائل میں اردو افسانے نے جنم لیا، اپنے سفر کا آغاز کیا۔ اور بہت جلد اپنے آپ میں ایک مستحکم صورت اختیار کر لیا۔

جب اردو افسانہ نگاری اپنے ابتدائی مراحل سے گزر رہا تھا۔ اس وقت ہندوستان کے ادبی منظر نامے پر ادب لطیف یعنی رومانیت کا رجحان بہت ہی گہرا تھا۔ رومانیت کے لطیف جذبات کا اثر براہِ راست اردو افسانے پر دیکھنے کو ملا۔ رومانی میلانات کے اہم افسانہ نگاروں میں مجنوں گورکھپوری کا نام سنہرے حرفوں میں لکھے جانے کے مستحق ہے۔ وہ اردو افسانہ نگاری کی تاریخ میں ایسی شخصیت ہیں جنہوں نے انگریزی ادب کو اپنے دامن میں سمیٹے مغربی ادبیات سے متاثر ہو کر انکے افکار و نظریات کو مشرقی فضا میں داخل کرانے میں اپنا ایک الگ مقام حاصل کیا۔ ان کا شمار نہ صرف ایک کامیاب افسانہ نگار کی حیثیت سے کیا جاتا ہے۔ بلکہ ساتھ ہی ساتھ ان کا نام بحیثیت نقاد بھی اپنی جگہ مسلم ہے۔ تنقید کی پُر خار وادی میں ان کی اپنی ایک الگ شناخت ہے۔

مجنوں گورکھپوری کا اصل نام احمد صدیقی تھا۔ انکی ولادت جنوری ۱۹۰۴ء میں بمقام ضلع بستی کے گاؤں منجریا میں ہوئی انکے والد کا اسم گرامی مولوی محمد فاروق دیوانہ تھا۔ ابتدائی تعلیم اپنے گاؤں سے حاصل کیا۔ اور اعلیٰ تعلیم کیلئے گورکھپور گئے جہاں انکا ننھال بھی تھا۔ مجنوں صاحب کا مطالعہ بہت ہی وسیع تھا جس کا اعتراف انہوں نے اپنے افسانوی مجموعہ ''سمن پوش'' کے مقدمے میں ''نگاہ بازگشت'' کے عنوان میں کیا ہے۔ کہتے ہیں۔

''مطالعہ میری سب سے بڑی کمزوری ہے۔ اور میرے لئے افیون کی قسم کی چیز رہی ہے۔ بہت کم ایسے مسائل اور مباحث ہوں گے جن کا میں نے کم سے کم کتابی مطالعہ نہ کیا ہو اور دنیا کے بہت کم مصنف ایسے ہوں گے جن سے میں نے کچھ نہ کچھ بصیرت نہ حاصل کی ہو۔'' (مجموعہ سمن پوش۔ص۔۹)

پروفیسر احتشام حسین کہتے ہیں۔

''ان کا ادب کا مطالعہ بہت گہرا ہے۔ اور وسیع فلسفیانہ نقطہ نظر رکھنے کے باعث ادب کے بارے میں انکی باتیں کبھی معمولی اور فکر سے خالی نہیں ہوتیں۔''

(اردو ادب کی تنقیدی تاریخ احتشام حسین ص۔۳۲۱)

مجنوں گورکھپوری انگریزی افسانہ نگار ہاڑڈی سے بہت متاثر تھے۔ ہارڈی کے افسانوں کی فضا انکے یہاں دیکھنے کو ملتی ہے۔ ڈاکٹر عبادت بریلوی کا کہنا ہے:

''مجنوں پر ہارڈی کا اثر سب سے زیادہ غالب ہے اور اس میں ذرا بھی شک و شبہ کی گنجائش نہیں ھارڈی کے فن کے چراغ سے انہوں نے اپنے فن کا چراغ

روشن کیا۔ چنانچہ ان کے یہاں ہارڈی کی قنوطیت بھی ہے''
(افسانہ اور افسانے کی تنقید از ڈاکٹر عبادت بریلوی ص۔ ۱۱۰۔۱۰۹)

ٹامس ھارڈی سے متاثر ہونا مجنوںؔ کے لئے محض مطالعے کی بنیاد پر نہ تھا۔ بلکہ رگھوپتی سہائے فراق گورکھپوری کے اکسانے کا نتیجہ تھا۔ اس حوالے سے مجنوںؔ صاحب نے ''ارمغانِ مجنوں'' کے جلد اول میں اپنا بیان پیش کیا ہے جو بزبانی صغیر افراھیم درجہ ذیل ہیں:

''۱۹۲۵ء میں گرمیوں کی ایک رات میں، پریم چند اور فراق اپنی اپنی چارپائی پر بیٹھے گفتگو کر رہے تھے کہ فراقؔ نے ایک افسانہ کا مبہم خاکہ بنا کر کہا کہ تم دونوں اس قسم کا افسانہ لکھو۔ افسانے کی بنیاد ٹامس ھارڈی کے مشہور ناول 'ٹیس' کے مبہم تاثرات پر تھی۔''
(اردو افسانہ ترقی پسند تحریک سے قبل از ڈاکٹر صغیر افراھیم ص۔ ۱۳۴)

گویا! مجنوںؔ نے فراقؔ صاحب کے تحریک کے بنا پر اسی خاکہ کو بروئے کار لاتے ہوئے ایک کامیاب افسانہ ''گہنا'' تحریر کیا۔ جو ماہنامہ 'نگار' میں جون ۱۹۲۶ء میں شائع ہوا تھا۔ افسانے کے مرکزی کردار رادھاؔ نام کی ایک عورت ہے جو ایک گوالے کی لڑکی ہے اور رام لالؔ کی بیوی کے روپ میں درسایا گیا ہے۔ رادھاؔ ایک بہت خوبصورت اور حسن پیکر لڑکی تھی۔ لیکن شروع میں اسے اپنی خوبصورتی کا احساس نہ تھا۔ اور جب شادی کے بعد اسے اپنے حسن و شباب کا احساس ہوتا ہے تو زیورات سے دلچسپی پیدا ہونے لگتی ہے۔ لیکن رام لالؔ اپنی مفلسی اور بے بسی کو دیکھتے ہوئے رادھاؔ کو سمجھانے کی سعی کرتا ہے کہ

''ایشور نے تم کو ایسی پونجی دی ہے جو ہر آدمی کو نصیب نہیں ہوتی۔ تمہارا یہ پھول

سا رنگ و روپ گہنوں کا محتاج نہیں ۔تم اس کے لئے اپنا جی نہ کڑھاؤ۔۔۔۔۔۔۔"

(بحوالہ اردو افسانہ ترقی پسند تحریک سے قبل از ڈاکٹر صغیر افراھیم ص۔ ۱۳۴)

مگر وقت کے ساتھ ساتھ رادھا کو گہنوں سے محبت بڑھتی جارہی تھی۔اور آخر میں رام لالؔ پنی بیوی کی خواہش کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے کلکتہ شہر کا رخ کرتا ہے اور اپنی بیوی کو تاکید کرتا ہے کہ چار سال تک وہ اسکا انتظار کرے جب تک وہ اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہوجائے گھر واپس نہیں آئے گا۔اس کے بعد چار سال گذر جاتا ہے پر رام لالؔ کی واپسی نہیں ہوتی اور اسی دوران رادھاؔ ایک تعلیم یافتہ اور دولت مند شخص ہریش چندرؔ کی محبت میں گرفتار ہو جاتی ہے۔ اور دونوں سماج کی مخالفت کے باوجود ازدواجی زندگی میں جُڑ جاتے ہیں ۔اچانک رام لالؔ واپس آجاتا ہے اور رادھاؔ کو ہریش چندر کے ساتھ دیکھ کر غمگین ہو جاتا ہے اور پھر اپنی جان گنوا دیتا ہے۔ ہریش چندر بہت ہی حساس قسم کا انسان ہوتا ہے۔وہ یہ کیفیت دیکھ کر خود کو رام لالؔ کا قاتل سمجھنے لگتا ہے۔اور جرمانے کے طور پر اپنی ساری دولت اور رادھاؔ کو چھوڑ کر رام لال کی کٹیا میں جابستا ہے اور اسی دردانگیز المیہ کے ساتھ افسانہ تکمیل کو پہنچ جاتا ہے اور مجنوں صاحب کا حساس ذہن ابھر کر سامنے آتا ہے۔

یہ افسانہ ہارڈی کے گہرے اثرات سے مستعار ہے۔افسانوں میں پائی جانے والی تمام تکنیکی پہلوؤں کا استعمال انہوں نے انگریزی افسانوں کی تکنیک سے سنجیدہ طور پر اخذ کیا اور اسے کامیاب تجربے کے ساتھ اردو ادب کے افسانوی کائنات میں داخل کیا۔ اس کے علاوہ انکے اور دوسرے افسانوں کے مطالعہ سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ ان کے افسانوں کی فضا رنج والم کے جذبات سے بھی مملو ہے۔ہلکی ہلکی رومانیت، المناک مناظر،

